بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

---

*Sunday, October 4, 1987*

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at five of the clock in the evening, with Mr. Deputy Chairman (Malik Muhammad Ali Khan) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Quran)*

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ
جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا وَعْدَ
اللَّهِ حَقًّا وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ قِيلًا ﴿١٢٢﴾ لَيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ
وَلَا أَمَانِيِّ أَهْلِ الْكِتَابِ مَن يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ
وَلَا يَجِدْ لَهُ مِن دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿١٢٣﴾ وَمَن
يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ
فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ نَقِيرًا ﴿١٢٤﴾

ترجمہ:۔ شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے عنقریب ان کو ہم باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہونگی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ (یہ) اللہ کا سچا وعدہ ہے اور اللہ سے زیادہ بات کا سچا اور کون ہو سکتا ہے۔ (رسول کا فرمانا اللہ کا فرمانا ہے وہی اللہ کا وعدہ بندوں تک پہنچاتے ہیں) (لوگو! فلاح عاقبت، نہ تمہاری آرزوؤں پر (موقوف ہے) نہ اہل کتاب کی آرزوؤں پر (بلکہ عمل پر موقوف ہے) جو کوئی برا کام کرے گا اس کی سزا پائے گا، اور اللہ کے سوا وہ کسی کو اپنا حمایتی اور مددگار نہ پائے گا (جو اس کو اللہ کے عذاب سے بچا سکے، یا اس کی حمایت میں زبان تک کھول سکے۔)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Sunday, October 4, 1987*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at five of the clock in the evening, with Mr. Deputy Chairman (Malik Muhammad Ali Khan) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Quran)*

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ
جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا وَعْدَ
اللَّهِ حَقًّا وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ قِيلًا ﴿١٢٢﴾ لَيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ
وَلَا أَمَانِيِّ أَهْلِ الْكِتَابِ مَن يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ
وَلَا يَجِدْ لَهُ مِن دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿١٢٣﴾ وَمَن
يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ
فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ نَقِيرًا ﴿١٢٤﴾

ترجمہ:۔ شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے ، اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے عنقریب ان کو ہم باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہونگی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ (یہ) اللہ کا سچا وعدہ ہے اور اللہ سے زیادہ بات کا سچا اور کون ہو سکتا ہے۔ (رسول کا فرمانا اللہ کا فرمانا ہے وہی اللہ کا وعدہ بندوں تک پہنچاتے ہیں) (لوگو! فلاح عاقبت، نہ تمہاری آرزوؤں پر موقوف ہے) نہ اہل کتاب کی آرزوؤں پر (بلکہ عمل پر موقوف ہے) جو کوئی برا کام کرے گا اس کی سزا پائے گا ، اور اللہ کے سوا وہ کسی کو اپنا حمایتی اور مددگار نہ پائے گا (جو اس کو اللہ کے عذاب سے بچا سکے ، یا اس کی حمایت میں زبان تک کھول سکے۔)

اور جو کوئی نیک عمل کرے خواہ مرد ہو یا عورت اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو، تو وہ اصحاب ایمان اور عمل صالح کرنیوالے، لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ذرہ برابر بھی انکی حق تلفی نہ ہوگی۔

## LEAVE OF ABSENCE

جناب ڈپٹی چیئرمین: جزاک اللہ ۔ Leave applications

جناب حمزہ خان پلیجو چند ناگزیر وجوہ کی بنا پر ایوان میں ۲۱ تا ۲۹ ستمبر ایوان میں شرکت نہیں کر سکے لہٰذا رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی درخواست منظور کرتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: میر علی نواز خان تالپور ایک پارلیمانی وفد میں بنکاک تشریف لے جا رہے ہیں اسلئے انہوں نے ۴ اکتوبر تا اختتام حالیہ اجلاس ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی درخواست منظور کرتے ہیں ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: پروفیسر خورشید احمد بیرون ملک تشریف لے جا رہے ہیں لہٰذا انہوں نے ایوان سے ۴ اکتوبر تا ۹ اکتوبر رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان انکی درخواست منظور کرتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب غلام فاروق نے ناسازئ طبع کی بنا پر ایوان سے ۴ اکتوبر کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا ایوان ان کی درخواست منظور کرتا ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: پوائنٹ آف آرڈر سر ۔ جناب والا! آپ کو اچھی طرح معلوم ہے کہ پرسوں کراچی گڈانی میں جان لیوا حادثہ پیش آیا اس میں ۲۱ افراد لقمۂ اجل بن گئے، اس سلسلے میں ایوان میں بحث کی بھی ضرورت ہے اور تحقیقات کی بھی، اور اس کے ساتھ ساتھ پہلے ان کے لئے دعائے مغفرت کیجائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جناب قاضی عبداللطیف صاحب دعا فرمائیں ۔

(دعائے مغفرت کی گئی)

## ADJOURNMENT MOTIONS

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** پریولیج موشن جناب جاوید جبار صاحب کی ہے۔ انکی درخواست آئی ہے کہ اس کو ڈیفر کر دیا جائے۔ پریولیج موشن ایک ہی تھی۔ ایڈجرنمنٹ موشنز۔ تحریک التوا نمبر ۳۳، ۳۹ اور ۴۱ جو ہیں وہ جناب طارق صاحب، جاوید جبار صاحب اور محسن صدیقی صاحب کے نام پر ہیں۔ اور ایک ہی نفس مضمون کی ہیں۔ محسن صدیقی صاحب ہی موجود ہیں باقی دونوں تو نہیں ہیں۔ لہٰذا محسن صدیقی صاحب آپ پیش کریں۔

### (i) *RE :* KIDNAPPING OF CHILDREN FROM DIFFERENT PARTS OF THE COUNTRY

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Mr. Chairman, I beg leave of the House to move a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely the news item which appeared in 'The Daily Dawn' Karachi dated 23rd August, 1987. According to that an attempt was allegedly made to smuggle forty five children abroad for the use of camel races in Dubai. This news item has caused widespread resentment and unrest to the parents all over the country and created a sense of insecurity for the kids. The matter may be discussed at the floor of the House in the light of gravity of the situation.

Sir, this is a very serious matter as a number of times the misuse of our young kids has been reported in the Press. This is by itself a very serious thing. Forty five children were taken from all over the country and were kept in two hotels near Cantt. Station Karachi. Somehow the FIA got the information and the people, who were keeping them, were arrested and the boys were recovered. Now, this situation calls for some measures on the part of the Government to ensure that such incidents do not occur. As a matter of fact we might have to take the steps with our friendly countries in the Gulf where these young kids are being taken away and sold. They should also be contacted so that in future they should not allow any such trade which is absolutely illegal, immoral and this country cannot afford to lose its children especially young kids in that manner. The situation has further deteriorated because in the camel races probably because of the weight they use these kids and they are treated as a bait. I would submit that this is a situation in which Pakistan Government should take a strong stand

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

and should protest to those friendly countries where such a custom or such a usage or such a game is being played. With these words I would humbly submit that the subject as such is very important and I do not think that any man can overlook it. All of us are parents and we have got kids, we have sons and daughters and everybody should feel if any kid or any son or daughter of this soil is being taken away in this manner.

جناب ڈپٹی چیئرمین: میری آپ سے گزارش ہوگی کہ ایڈمیسیبلٹی پر آپ بات کیجئے تقریر نہ کیجئے۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** As it fulfills all the ingredients therefore, I thought it unnecessary to waste your time because all the ingredients which are necessary for an adjournment motion are there. It is a matter of an urgent public importance. It is a matter of recent occurrence. It is a matter which has not come before this House or the National Assembly before and there cannot be any two opinions that this matter should be discussed and if there is any objection from the Government side then I can reply.

**Mr. Deputy Chairman :** Raja Nadir Pervaiz Sahib.

**Raja Nadir Pervaiz Khan :** I oppose it Sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین: محسن صدیقی صاحب آپ کچھ اور فرمانا چاہیں گے۔

**Mr. Muhammad Moshin Siddiqui :** But let us have the grounds. Does he oppose on technical grounds or does he oppose it on merit. Then I can reply.

**Mr. Deputy Chairman :** Raja Nadir Pervaiz Sahib.

**Raja Nadir Pervaiz Khan :** On both Sir.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Let him come out with those. It is not enough.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جناب راجہ نادر پرویز صاحب آپ کیا فرمانا چاہتے ہیں۔

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** Thank you Sir, I would like to submit before the honourable Hosue that an incident had taken place in 1986. That was the first incident Sir, when the Government got the information that some of the boys are being taken to the UAE States — the Gulf States. They normally go there as a camel rides. They normally go there as for grazing the camels and other animals of the

Sheikhs'. These boys were intercepted on the Phillipines Airlines. They were recovered alongwith their guardians, alongwith their parents and the case was registered under the Immigration Ordinance. A special Court was constitued, those people were arrested. Later on they were released on bail. They are still on bail and the case is in the Court. The other incident regarding which the honourable Member has just informed the House, they were not forty five Sir. They were twenty three boys who were recovered from Mehran Hotel and the same man was involved; one with the name of Mr. Muhammad Iqbal and the other his accomplice Mr. Sher Muhammad. Last year too the same persons were involved in taking these boys with the consent of their parents and the guardians to the Gulf States. This time too this man had lodged them alongwith their necessary documents in the Mehran Hotel so that they could be shipped across with the Gulf States as required by some of the Sheikhs for the camel racing in their countries. The FIA got the information and they raided the hotel and these boys were recovered. The persons were arrested and the investigation is on the way. I just want to make one thing clear Sir, that the number of the boys was 23 and not forty five or fifty five as given in the newspapers.

Second thing is Sir, that you cannot call it smuggling. It is with the consent of the parents, of the guardians of those minor boys. Some of them accompany the boys there to the Gulf States and they stay with those boys. It so happens when some of the Sheikhs come to the area of Rahim Yar Khan or Cholistan, they contact these parents for the minor boys and they have the temptation that the boys would be getting better pay — more money. It is just the temptation of the money which makes the parents to decide that the minor children should be permitted to go to UAE as trainers as people who take part as camel riders and they take part in the camel racing. This is with the consent of the guardians Sir. It has been established during the investigation in 1986 or now presently which we have got the cases with us that these boys aree permitted by their parents and guardians and not that they have been smuggled without the will and without the consent of the guardians. That is a very clear point Sir. It has not been established so far Sir.

The second point is that this case is subjudice. It is already in the Special Court. Special Court has been constituted and the case is under trial and once the investigation of this particular case is completed this will go to the Special Court before the Special Judge. I assure the

[Raja Nadir Pervaiz Khan]

honourable Member that the Government is fully alive to the situation and we try our utmost not to permit these parents or guardians to allow or to take their minor children to the Gulf States so that they cannot be employed by the Sheikhs in that area. Third point is Sir, that it is being hit by the Rules and Procedure of the Senate. Thank you very much.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Ahmed Mian Soomro Sahib.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** If the honourable Minister talks of the consent of the parents, does it justify the action or to assure that it is not a serious matter or if he says 23 children I would say even if there were three children, does it not make the matter equally serious?

**Mr. Deputy Chairman :** Raja Nadir Perviaz Sahib.

**Raja Nadir Perviaz Khan :** Really serious that is why the Government has taken the notice of that and those people were arrested and those people who were involved with this illegal trade have also been arrested.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ جناب محسن صدیقی صاحب۔

جناب محمد محسن صدیقی: دو پہلو جناب وزیر صاحب کے جواب سے نکلتے ہیں ایک تو یہ بات خوش آئند ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ گورنمنٹ اس مسئلے میں دلچسپی رکھتی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اسے پریس کرتے ہیں یا نہیں۔

جناب محمد محسن صدیقی: اگر یہ وزیر صاحب یقین دہانی کرائیں کہ کوئی ایسا قانون کہ والدین کی consent ہو یا نہ ہو دونوں شکلوں میں چھوٹے چھوٹے بچے ان کاموں کے لئے نہیں لئے جائیں گے اور ایسا قانون بنایا جائے۔ کیونکہ ابھی کہتے ہیں کہ کیس سپیشل کورٹ میں بھیجا ہے۔ جب ان کے نزدیک والدین کی consent موجود ہے۔ جیسا انہوں نے بتایا ہے۔ مجھے نہیں معلوم اور میں یقین سے نہیں کہہ سکتا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کے متعلق شبہ ابھی بھی میرے ذہن میں ہے۔ اس غیر قانونی ٹریڈ کو ہر طریقے سے بند کرنا ہے۔ اگر وہ کوئی ایسا قانون لانے کے لئے تیار ہیں تو یقیناً میرا مقصد صرف یہی تھا کہ ان کی اور اس ایوان کی توجہ اس قسم کے واقعات کیطرف دلائی جائے۔ جیسا کہ میرے بھائی سینیٹر سومرو صاحب نے بتایا، تعداد کی کمی یا زیادتی نہیں، اصل جو جرم ہے اس کی طرف توجہ کرنی چاہیئے دوسرے

انہوں نے یہ ہرگز نہیں بتایا کہ سینیٹ کے رول آف بزنس کی کس پیرو ویٹرن سے، کس سب کلاز سے یہ ہوتی ہے، میرے نزدیک ٹیکنیکل اعتراض کی پیلوریٹ میں ان کے پاس کوئی چیز نہیں، جہاں تک واقعاتی چیز ہے اگر وہ مجھے یہ یقین دہانی کرا دیں کہ وہ ایسا قانون لانے کے لئے تیار ہیں کہ جس کے تحت آئندہ اس قسم کے جرم کے مرتکب لوگوں کو عبرتناک سزائیں دی جائیں گی تو میں اسے Press نہیں کرتا۔

**Mr. Deputy Chairman :** Raja Nadir Pervaiz Sahib.

**Raja Nadir Pervaiz Khan :** I assure the honourable **Member** Sir, that this is an illegal trade and the Government is fully alive to the situation and a special court under the Special Judge has been constituted and the cases are under trial. It is subjudice and I assure the honourable **Member** once the cases are proved they will be given punishment according to the law.

جناب محمد محسن صدیقی: جی بالکل صحیح ہے اگر کوئی خامی قانون میں ہے تو اسے دور کرنے کے لئے میرا یہ نکتہ تھا اگر یہ سمجھتے ہیں کہ consent کی وجہ سے قانون میں کوئی خامی ہے تو اس کو دور کیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں جناب یہ بات نہیں ہے آپ ان کی اس یقین دہانی کے بعد پریس کرتے ہیں یا نہیں۔

جناب محمد محسن صدیقی: نہیں میں پریس نہیں کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بس ٹھیک ہے پریس نہیں کی گئی۔

جناب محمد محسن صدیقی: اگر کوئی قانون میں خامی ہے تو سپیشل کورٹ بنائی ہے۔

راجہ نادر پرویز خان: قانون ہے جناب، میں آپ کو یقین دہانی کراتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی تحریک پریس نہیں کی گئی۔

جناب محمد اسحاق بلوچ: پوائنٹ آف آرڈر . . . .

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جب میں نے کہہ دیا کہ "پریس نہیں کیا گیا"، تو معاملہ ختم ہو گیا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب اسی سلسلے میں ایک اہم نکتہ ہے، آپ کے فائدے کے لیے ہے

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی مولانا آپ فرمایئے، آپ کو یہ رعایت ہے کیونکہ آپ نے جو کچھ کہنا ہوتا ہے قواعد اور ضوابط کو سامنے رکھ کر نہیں کہنا ہوتا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جناب والا محسن صدیقی صاحب نے جو تحریک التوا پیش کی ہے یہ بہت ہی اہم ہے اور اس سلسلے میں اہم نکتہ یہ ہے کہ اگر تحریک التوا اسی طرح آپ مسترد کرتے رہے اور ایوان کے وزیر محترم اس کو ختم کریں تو ان ستمگروں کو اور ایسے حالات کو اور تقویت ملے گی اور وہ لوگ اور زیادہ جرائم کریں گے تو ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ اس کو ہاؤس میں لائیں اور اس کے لیئے گو آپ نے تو آرڈر دے دیئے ہیں لیکن پہلے سے میرا یہ نکتہ تھا لہٰذا اس کو ایوان میں لائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میری معزز رکن سے گزارش ہے کہ وزیر موصوف کی یقین دہانی کے بعد محرک نے اس کو پریس نہیں کیا لہٰذا اس پر میں تو ایڈمٹ نہیں کر سکتا، محرک نے withdraw نہ کر لی ہے

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: ہر معاملے میں انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے اس کے بعد ہزار مرتبہ جرائم ہوئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ تو محسن صدیقی کو چاہیئے تھا کہ وہ withdraw نہ کرتے

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: ہر وزیر نے کہا کہ ہم ایسا نہیں کریں گے آئندہ ، لیکن اس کے بعد کئی ایسے جرائم تھوک کے حساب سے ہوئے ہیں۔ تو اگر وہ حقیقت ہے تو اس کے لئے قانون نافذ ہونا چاہیئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ، اسحاق صاحب آپ بھی فرمایئے۔

جناب محمد اسحاق بلوچ: میں یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ وزیر صاحب نے اس کی کلیریفیکیشن نہیں کی کہ یہ بچے ۴۵ ہیں، ۲۳ ہیں ، ۱۰ ہیں کیونکہ محسن صاحب ۴۵ بچوں کا حوالہ دے رہے ہیں یا بقول وزیر صاحب کے ۲۳ ہیں یا بقول اخبار کے ۴۵ ہیں یا وزیر صاحب غلط کہتے ہیں یا اخبار جھوٹ بولتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ، اس پر بڑی تفصیل بات پہلے محسن صدیقی صاحب نے کی پھر وزیر صاحب نے کی لہٰذا آپ تشریف رکھیں۔

سردار خضر حیات خان: اصل بات یہ ہے جی کہ مدعی سست ہے گواہ چست ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ اگلی تحریک التوا نمبر ۱۴، طارق چوہدری صاحب تشریف نہیں رکھتے اس کو ڈیفر کرتے

ہیں، اس کے بعد نمبر ۳۷ ہے۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب ........

(اسی اثنا میں اذان ہو گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نماز مغرب کے لئے ایوان کو ساڑھے چھ بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

*[The House adjourned for Maghrab prayers]*

---

*[The House re-assembled after interval with Mr. Deputy Chairman (Malik Muhammad Ali Khan) in the Chair]*

---

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ تحریک التوا نمبر ۳۳، جناب طارق چوہدری صاحب۔

جناب شاد محمد خان: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ آپ کو یہ یاد ہوگا کہ ان کا نام پہلے پکارا گیا تھا۔ اب دوبارہ پکارنے کی ضرورت کیا پڑی تھی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس لئے کہ اس سے پہلے چوہدری طارق صاحب کی درخواست آ چکی تھی۔ مجھے سیکرٹری صاحب نے بتایا تھا۔ جی جناب چوہدری صاحب۔

## (ii) *RE:* ISSUANCE OF INCORRECT NATIONAL IDENTITY CARDS ON THE VERIFICATION OF MNAs/MPAs AND COUNCILLORS

جناب محمد طارق چوہدری: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ قومی اہمیت کے حامل اس مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے کہ غیر ملکیوں کو قومی شناختی کارڈ جاری کرنے کے سکینڈل میں بہت ہی بااثر افراد حتیٰ کہ ممبران اسمبلی تک کے ملوث ہونے کی اطلاعات اخبارات میں آ رہی ہیں۔ قومی امن و سلامتی کو برباد کر دینے والے اس مسئلے میں اس قدر بااثر افراد کا ملوث ہونا اور پھر ان کی گرفتاری کے بارے میں حکومت کی ہچکچاہٹ انتہائی تشویش اور پریشانی کا باعث ہے۔ لہٰذا اس مسئلے کو زیر بحث لایا جائے تاکہ نہ صرف عوام حقائق سے آگاہ ہو سکیں بلکہ یہ ایوان اس کے مناسب حل کے لئے تجاویز مرتب کرے۔

جناب چیئرمین! ایف آئی اے پاسپورٹ سیل نے ایرانی، افغانی، بنگلہ دیشی اور بھارتی باشندوں کے شناختی کارڈوں کے فارموں کی تصدیق اور شناختی کارڈ فراہم کرنیوالے ۱۳ کونسلر، ۲ ممبران صوبائی اسمبلی اور ایک قومی اسمبلی کے رکن کا سراغ لگایا ہے۔ اس اخباری اطلاع کے مطابق ان کی گرفتاری کے لئے حکومت سے اجازت طلب کی گئی ہے۔ گزشتہ دنوں بائیس ایسے بنگلہ دیشی افراد کو گرفتار کیا گیا جو بنگلہ دیش سے ہو کر دوبارہ

پاکستان میں آئے تھے اور ان کے پاس پاکستان کے شناختی کارڈ اور ان کے عوض میں ان کے ذریعے سے پاکستانی پاسپورٹ موجود تھے۔ جب ان سے تحقیق کی گئی تب پتہ چلا کہ اندرون سندھ اور کراچی کے کچھ کونسلر بھاری رقوم کے عوض ان کے فارموں کی تصدیق کرتے رہے اور ان فارموں کی تصدیق کے ذریعے ان کو پاکستانی قومی شناختی کارڈ جاری کیے گئے۔ بعد میں ان میں سے کچھ کونسلر ممبران صوبائی اسمبلی اور قومی اسمبلی کے ممبر منتخب ہو گئے۔ اس طرح پاکستان غیر ملکیوں کے لئے غریب مشرقی ملکوں کے لئے آج کا دوبئی بنا ہوا ہے اور ہماری وزارت داخلہ ان کو پاکستان میں داخل ہونے سے روکنے میں نہ صرف ناکام رہی بلکہ اس چراغ کے نیچے اتنا اندھیرا ہے کہ ان کے زیر اہتمام چلنے والے سرکاری ادارے بہت بڑے قومی جرم کا ارتکاب کرتے ہوئے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ تک جاری کر دیتے ہیں۔ پچھلے دنوں ہمارے ایک مرکزی حکومت کے اہم ترین وزیر سے میری ملاقات ہوئی تھی۔ انہوں نے فرمایا کہ سندھ میں جو ڈاکے پڑ رہے ہیں ان پر دو تین دن میں کنٹرول حاصل کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ تین ممبران اسمبلی کو گرفتار کر لیا جائے۔ میں نے کہا آپ کیوں گرفتار نہیں کرتے۔ انہوں نے فرمایا کہ ان میں سے ایک آپ کا ہے اور دو ہمارے ہیں۔ تو اگر آپ لوگ شور نہ ڈالیں تو ہم ان کو گرفتار کر لیں گے اور سندھ کے ڈاکے ختم ہو جائیں گے۔ میں نے ان سے گزارش کی کہ حضور آپ ان تین کو گرفتار کریں میں ان کے بدلے میں ۹ آپ کی حمایت میں دیتا ہوں۔ یعنی یہ صورتحال ہے۔ حکومت جانتی ہے۔ حکومت کو معلوم ہے۔ حکومت کو علم ہے۔ محض اس لئے کہ ان کی سیاسی سپورٹ حاصل ہے قومی مجرموں کو ہاتھ ڈالنے میں پس و پیش انتہائی غفلت ہے اور ملکی سلامتی اور امن و تحفظ کے لیئے بہت ہی اہم مسئلہ ہے لہٰذا میں وزیر داخلہ سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ اس چراغ کے نیچے جو اندھیرا ہے اس کو ٹیوب لائٹ میں بدل دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ! جناب راجہ نادر پرویز صاحب۔

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** Thank you, Sir. I oppose the motion. The honourable Member has made a reference to the honourable Members of the Parliament whether he is an MNA, whether he is a Senator or he is a Member of the Provincial Assembly. According to the reports collected through the Director General Registration no case uptil now has come to the limelight of the Ministry of Interior regarding the involvement of any honourable

Member of the Parliament who has attested the forms of foreign nationals as mentioned by the honourable Member in his adjournment motion. I just want to assure you Sir, that some of the cases have been uncovered. We have nearly 2700 cases which are registered for fake attestation. All those people involved whether they belong to any part of the community, whether they are officers, whether they are incharge, whether they are workers of a particular group, whether they are employees of the Registration Office, anybody may be, once it is established that the man is involved in issuing a fake identity card to a person, the case is registered against that person. Here I just want to limelight some of the Members of the local body, some of the Councillors in Karachi because the maximum influx of the foreign immigrants and nationals have been towards Karachi towards the Province of Sind, from where they have been easily, in the past, getting the national identity cards and passports and in thousands they have gone to the Gulf States and Saudi Arabia.

The Government has revised its policy regarding the new national identity cards and a pilot project after being accepted by the Cabinet and the elected representatives has been enforced in Islamabad and Rawalpindi and on that the work has started. The policy of the Government is to ensure check on the influx of the foreign immigrants who come to Pakistan illegally. They cross the border. The instructions have been issued to all the agencies on the border that no illegal immigrant would be permitted to cross the border and come to Pakistan. This land is only for the Pakistanis and those people who have already come, we just want to ensure that those people who have illegally got hold of the identity cards they should be uncovered and the cases must be registered against them and those people who attested their documents. I assure the honourable Member that any Member who is involved in attesting a false document of any illegal immigrant who is a foreign national he will be dealt with according to the law. As far as the adjournment motion is concerned Sir, uptil now the name of any MNA, a Senator or MPA has not come to the limelight with the Registration Office at Karachi or in other parts of the country. If it is ever discovered we assure the honourable Member that action will be taken according to the law. With these arguments Sir, I oppose the motion.

جناب محمد طارق چوہدری: اپنے قومی ہیرو کے لئے میرے دل میں بڑا احترام ہے بلکہ سہما سہما سا احترام ہے لیکن مصیبت یہ ہے کہ یہ اسی عطار کے لونڈے سے دوا لے رہے ہیں۔ یعنی ڈی جی رجسٹریشن ہی

کی معلومات ہمیں پڑھ کر سنا رہے ہیں، بہر حال ان کی عزت رکھتے ہوئے میں اس تحریک کو پریس نہیں کرتا، لیکن یہ عطار کا لونڈا جو ہے یہ دوا ٹھیک نہیں دیتا، ان کی فراہم کردہ معلومات پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پریس نہیں کیا، شکریہ! تحاریک التواء کا وقت ختم ہو چکا ہے۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر، ہمیشہ یہ مصیبت ہوتی ہے کہ چوں نوبت بما شد آتش بجام کردند، کہ ہماری باری جب آتی ہے تو ٹائم ختم کر دیا جاتا ہے، پہلے بھی چار دن تک میری وہ ایک تحریک التواء چلتی رہی اور آج بھی پھر ایک نئی تحریک التواء آئی ہے تو اس کے بعد ٹائم ختم ہو جاتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ کل، یا پرسوں جب بھی اجلاس ہوا، اس کو نمبر ایک پر لے آئیں گے معلوم نہیں کہ اس کی قواعد کے مطابق پوزیشن کیا ہو گی بہر حال نمبر ایک پر ہی آ جائے گی۔

قاضی عبداللطیف: شکریہ!

## DISCUSSION ON MOTION UNDER RULE 173

جناب ڈپٹی چیئرمین: قاعدہ ۱۷۳ کے تحت اس موشن پر بحث جاری تھی، اس پر اگر کوئی اور ممبر صاحب اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو فرمائیں۔

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, I just want to put it on record that on the previous Private Members' Day all the view points on this issue were very freely and frankly discussed and we were looking forward to the clarification to be presented today by the Attorney General.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اٹارنی جنرل صاحب تشریف رکھتے ہیں، میرا خیال تھا شاید کوئی صاحب اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہیں۔ جی اٹارنی جنرل صاحب۔

جناب علی احمد فضیل (اٹارنی جنرل پاکستان): مجھ کو اس وقت رول ۱۷۳ کی وضاحت اور انٹرپریٹیشن کے لئے طلب کیا گیا ہے، رول ۱۷۳ جس سے کہ آپ پہلے سے واقف ہیں وہ یوں ہے۔

Rule-173 : "The Senate may, by motion, appoint a Special Committee which shall have such composition and functions as may be specified in the motion."

قبل اس کے کہ بحث کی وضاحت کروں یہ عرض کرنا مناسب ہوگا کہ یہ رول ۱۷۳ چیپٹر ۱۵ پارٹ ۲ میں واضح کیا گیا ہے، پارٹ ۲ کی ہیڈنگ ہے Other Committees ، رول ۱۷۳ residuary provision ہے، یعنی ایسا رول یا ایسا قاعدہ جس کے سلسلے میں کہیں اور کوئی وضاحت یا کوئی اور ذکر نہ ہوا ہو اور چونکہ یہ residuary provision ہے اس کا اثر یہ ہوگا کہ تمام رولز کے مقابلے میں یہ prevail کرے گا۔ کیا کیا چیزیں اس کے اندر ہیں" پہلی چیز تو یہ کہ یہ سینیٹ کی will کا مظہر ہوگا، سینیٹ میں کسی individual یا فرد کی نہیں ممبر کی نہیں، دوسری چیز ذریعہ ہوگا موشن کا، تیسری چیز appointment ہو سپیشل کمیٹی کی تو سپیشل کمیٹی کی composition اور functions وہ ہونگی جو specify کی جائیں اس کو مدنظر رکھتے ہوئے اگر دوسرے رولز جو رول ۸۴ اور ۸۸ ہیں اگر ان کو دیکھا جائے۔

Rule-84 : "On the day for which a Bill is set down under Rule 83, or on any subsequent day to which the matter might have been adjourned, the member-in-charge may make any of the following motions in regard to his Bill, namely :—

(a) that it be taken into consideration at once; or

(b) that it be taken into consideration on a date to be fixed forthwith; or

(c) that it be referred to a Select Committee; or

(d) that it be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon."

پھر۔

Rule-88 : "(I) Where a Bill has been referred to a Select Committee, the member-in-charge may, after the presentation of the final report by the Select Committee, move—

(b) that the Bill as reported by the Select Committee be referred to the same Committee again either—

(i) as a whole, or

(ii) with respect to a particular clause or amendment only, or

(iii) with instructions to make some particular or additional provision in the Bill ;"

اور پھر میں قاعدہ ۸۸ کے ذیلی قاعدہ (۳) پر آتا ہوں۔

[Attorney General of Pakistan]

Rule-88 (3) :"If the member-in-charge moves that the Bill as reported by the Select Committee be taken into consideration, any member may move as an amendment that the Bill be referred to the same Committee again or be circulated for the purpose of eliciting opinion thereon."

دیکھنا یہ ہے کہ جب آپکی بحث ہو رہی تھی اسوقت سٹیج کیا تھی کیا ہم لوگ ابھی ۸۴ اور ۸۸ کی اسٹیج پر تھے جو حقائق یا جو اندراجات نوٹس میں ہیں اور جو مجھے موصول ہوا ہے اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ اسٹیج گزر چکی تھی فرسٹ ریڈنگ کے سلسلے میں ۸۴ اور ۸۸ کی سٹیج ختم ہو چکی تھی اب residuary provision جو رول ۱۷۲ ہے جس میں کسی وقت بھی کسی کمیٹی کا تقرر کیا جا سکتا ہے بغیر کسی restriction کے بغیر کسی block کے اس کا appointment valid اور لیگل ہوگا۔ اس سلسلے میں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ جس طرح رول ۱۷۲ یہاں سینیٹ کے رولز میں residuary provision ہے اور اس کا اطلاق ان تمام تر شکلوں پر ہوگا اور ان تمام تر حالتوں میں ہوگا جس کا کہیں اور کوئی ذکر نہ ہو اور کوئی conflict نہ پائی جاتی ہو بالکل اسی طریقے سے جو نیشنل اسمبلی کے رولز ہیں اس کا پروویژن قریب قریب identical language میں یہ ہے جو میں پڑھ کر سناتا ہوں۔

"The Assembly may by motion appoint a Special Committee which shall have such composition and functions as may be specified in the motion".

یہ بھی اسی قسم کا residuary provision ہے اور اس کا بھی اطلاق اسی سے ہوگا جس طریقے سے رول ۱۷۳ کا۔ یہاں جیسے میں نے ابھی آپکی خدمت میں وضاحت کی کہ ۱۷۲ کے ذریعے سے کمیٹی کا اپوائنٹ منٹ جو سپیشل کمیٹی کے نام سے کہلائے گی کمیٹی کا کمپوزیشن، کمیٹی کی فنکشننگ یہ تمام تر چیزیں آجائیں گی۔ ان کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ inescapable conclusion ہے جہاں تک اس آرڈر کا تعلق ہے کہ ایک پرائیویٹ بل جو سیکنڈ ریڈنگ کی اسٹیج پر ہے اگر گورنمنٹ کے کسی وزیر کی

جانب سے ۱۹۷۳ کی پرپوزل یوں پیش کیجاتی ہے کہ اسے کسی سپیشل کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے تو وہ قانوناً صحیح اور valid ہے۔ اس قسم کی کمیٹیز کے تقرر کا جہاں تک تعلق ہے اس کے پچھلے precedents بھی موجود ہیں جبکہ ایک پورا ہاؤس اپنے آپ کو کمیٹی میں بدل دیتا ہے ایک اسی قسم کا واقعہ مجلس شوریٰ کے زمانے میں ہوا جبکہ Pre-emption Law زیر غور تھا تو یہ فیصلہ کیا گیا کہ پورا ہاؤس اپنے آپ کو ایک سپیشل کمیٹی کی شکل میں convert کرلے - - - - -

جناب ڈپٹی چیئرمین: مجلس شوریٰ تو رکمنڈ ہی کر سکتی تھی لیجسلیٹو پاور اس کے پاس نہیں تھی۔

جناب علی احمد تالپور: میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ جو کچھ اس کا فیصلہ ہے وہ بائنڈنگ ہے صرف بطور analogy کے عرض کیا ہے پھر اس کے ساتھ ساتھ ایک کتاب Parliamentary Procedure in India by Mukerjee ہے اس کے صفحہ ۲۴۰ پر سے چند سطور میں آپکی خدمت میں پیش کرنا مناسب سمجھوں گا۔

> "A question may arise whether a Bill may be referred to a Select Committee if a motion that the Bill be taken into consideration has already been passed, and several clauses adopted as part of the Bill. The stage in which a Bill is considered in the legislature in India are as stated before..."

ان کی language میں صرف فرق ہے،

> "...as stated before introduction, consideration, passing corresponding to the British House of Commons' first reading, second reading, committee stage and consideration by the House on report from a committee and the third reading of a Bill.

At the second consideration stage, a motion that the Bill be referred to a Select Committee...."

This is important, Sir.

> "...Select Committee may be made either as an alternative or as an amendment to a motion that the Bill be taken into consideration".

بس مجھے یہی وضاحت کرنی تھی۔

جناب ڈپٹی چیرمین: شکریہ! حاجی صاحب۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا! جہاں تک اس رول ۲۷۰ کی وضاحت کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں جناب اٹارنی جنرل نے نہایت واضح انداز میں اسکی وضاحت کر دی ہے۔ اب سوال رہ جاتا ہے precedents کا کہ کوئی precedents بھی ہیں، اس کے بارے میں بھی انہوں نے چند ایک precedents کا حوالہ دیا ہے۔ بنیادی بات رول ۲۷۰ کو دیکھنے کی یہ ہے کہ اس کا مقصد ہے کیا؟ جس طرح انہوں نے فرمایا ہے کہ اسکی لینگویج ہی سے اس کا اندازہ ہو جاتا ہے کہ یہ ۲۷۰ کی پروویژن تمام قواعد کو اوور رائیڈ کرتی ہے جہاں بھی کسی مسئلے میں کوئی خاص پروسیجر دیا ہوا ہے اور اس خاص قسم کے پروسیجر میں کسی قسم کی دقت واقع ہوتی ہے یا اس کے علاوہ مزید کچھ کرنا ہوتا ہے تو اس کیلئے دو ہی صورتیں ہوتی ہیں۔ اگر تو قاعدہ آڑے آرہا ہے تو پھر اسے معطل کرنا پڑتا ہے اور اگر قاعدہ آڑے نہیں آرہا اور اس میں کسی چیز کا امتناع بھی نہیں ہے رکاوٹ نہیں ہے اگر تو اس میں رکاوٹ ہے مثال کے طور پر انہی قواعد ۸۴ اور ۸۸ میں لکھ دیا جاتا کہ کوئی سپیشل کمیٹی نہیں بن سکتی اس صورت میں ہمیں سپیشل کمیٹی بنانی ضروری ہوتی تو پھر ہمیں قاعدے کو معطل کرنا پڑتا کہ وہ سامنے رکاوٹ ہے اور رکاوٹ کو دور کرنا ہے۔ یہاں ۸۴، ۸۸ میں اس قسم کی کوئی رکاوٹ نہیں ہے اور یہ بھی میں بتاتا جاؤں کہ جس سٹیج پر اس وقت بل ہے وہ ہے کنسیڈریشن کی It is being considered ابھی سٹیج کوئی نہیں گزری۔ بل کنسیڈر نہیں ہوا کیونکہ جس وقت motion for consideration پیش کیجاتی ہے تو موشن کے الفاظ بھی یہ ہوتے ہیں کہ. The Bill should be taken into consideration. یہ موشن جب پاس ہوتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اب اس پر غور شروع ہوگا یہ انڈر پروسس ہے اس کو ہم نے ختم نہیں کیا جب انڈر پروسس ہو تو اس پروسس کے دوران اگر ضرورت پڑ جاتی ہے کہ اس پر مزید کوئی غور کرنا ہے جس طرح میں نے اس دن بھی عرض کیا تھا مزید کسی قسم کی کمیٹی مقرر کرنی ہے سلیکٹ کمیٹی بھی، ہم نے مقرر کر دی سٹینڈنگ کمیٹی سے بھی ہو آیا دوسرے پروسیجر بھی

اختیار ہو گئے اب دوسری سلیکٹ کمیٹی کو اسی کو recommittal کرنے کی تحریک ممبر انچارج دیتا ہے اور پھر بھی ضرورت لاحق ہوتی ہے کہ اس پر مزید غور کرنا ہے جسکی وجوہات میں نے بتائی تھیں کہ امنڈمنٹ کو ہمیں consolidate کرنے کیلئے ان پر افہام و تفہیم کرنے کے لئے ضرورت لاحق ہو گئی ہے ہم یہ ہاؤس سے باہر بیٹھ کر ایک کمیٹی کے ذریعے کریں کیونکہ ہاؤس کے اندر ہم باہر کے دوستوں کی رائے نہیں لے سکتے جبکہ ہاؤس سے باہر سپیشل کمیٹی ہو، سلیکٹ کمیٹی ہو، سٹینڈنگ کمیٹی ہو ان کو یہ اختیار حاصل ہے کہ دوسرے باہر کے لوگوں کو بھی کو آپٹ کر سکتے ہیں ان کی رائے بھی لے سکتے ہیں انہیں بلا بھی سکتے ہیں اس سلسلے میں شہادتیں بھی لے سکتے ہیں کارروائیاں بھی کر سکتے ہیں summing-up بھی کر سکتے ہیں جو ہاؤس میں بیٹھ کر نہیں کی جا سکتی تو اس رکاوٹ کو رفع کرنے کیلئے قواعد اور بالخصوص یہ پاکستان کی پارلیمنٹ کے قواعد میں provided ہے نیشنل اسمبلی کے بھی اور سینیٹ کے بھی جبکہ انڈیا کے رولز آف پروسیجر اٹھا کر دیکھیں ان کے قواعد میں سپیشل کمیٹی کی پروویژن ہی نہیں ہے۔ خصوصی طور پر پاکستان کی پارلیمنٹ میں اس طریقہ کار کو مروج کیا گیا کیونکہ ماضی میں تجربات نے یہ ثابت کیا کہ اس قسم کی صورت حال پیدا ہو جاتی ہے۔ میں آپ کو ایک چھوٹی سی مثال دوں ہمارے تو قواعد میں ہے اور یہ قواعد ۱۹۷۳ میں بنے ۷۳ء سے پہلے ایک صورتحال پیدا ہو گئی اب سوال یہاں precedents کا پیدا ہوتا ہے کہ آئین اس ملک کا بن رہا تھا۔ آئین شروع ہو گیا اپوزیشن نے بائیکاٹ کر دیا۔ پارلیمنٹ نے یا اس وقت کی آئین ساز اسمبلی نے کام کو آگے بڑھایا اس حد تک کہ موشن فار کنسیڈریشن بھی پاس ہو گئی بلکہ آرٹیکلز بھی پاس ہو گئے اور کافی حد تک کام مکمل ہو گیا اور اسی دوران اپوزیشن اور گورنمنٹ کی آپس میں مفاہمت ہو گئی اب ہم نے بیٹھ کر پھر نئے سرے سے کام کرنا ہے اور افہام و تفہیم سے ہم نے اس کے آرٹیکلز جو پاس بھی ہو گئے ہیں اس پر دوبارہ غور کرنا ہے اب بڑی مشکل پیدا ہو گئی کہ اس پر کیسے غور کیا جائے اس وقت کے رولز آف پروسیجر میں سپیشل کمیٹی کی پروویژن بھی نہیں تھیں تو اس وقت کے لاء منسٹر نے اسوقت کی آئین ساز اسمبلی میں یہی وضاحت کی کہ جناب یہ صورت حال پیدا ہو گئی ہے اور وہ آرٹیکلز جو ہم پاس کر چکے ہیں۔ یہ آرٹیکل کونسی تھیں، پیرزادہ کی یہ موشن تھی کہ۔

I beg to move that this Hosue grant me leave to reopen

Article 7, 85, 86, 123, 124, 229 and 230.

[Haji Muhammad Saifullah Khan]

یعنی پاس شدہ آرٹیکلز تھیں، جو پاس ہو گئی تھیں۔ ان کے سلسلے میں ہاؤس میں موشن پیش کی گئی جب کہ اس قسم کی سپیشل کمیٹی کی قواعد میں پرووی‍ژن بھی نہیں تھی۔ اس پر سپیکر نے یہ رولنگ دی کہ یہ ہاؤس مکمل طور پر با اختیار ہے۔ چونکہ جس چیز کے متعلق یہ ہاؤس پاس کرنے کا اختیار رکھتا ہے، اسی کو reopen کرنے اور reconsider کرنے کا بھی یہ ہاؤس اختیار رکھتا ہے۔

جناب، انکی یہ موشن ہاؤس میں پُٹ کی گئی اور reopen کرنیکی اجازت دی گئی۔ اس کے بعد پوری قوم جانتی ہے کہ پھر گورنمنٹ اور اپوزیشن کی کمیٹیاں بھی بنیں، وہاں ان میں افہام و تفہیم ہوئی اور یہ آئین جو آج ہمارے پاس ہے، جس کو ہم فخریہ طور پر، اللہ تبارک تعالیٰ کا شکر بجا لاتے ہوئے یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ متفقہ آئین ہے، یہ اس قسم کی آرٹیکلز، اس قسم کی پرووی‍ژنز، اس قسم کی کمیٹیاں اور اس قسم کے اختیارات جو ہاؤس کو حاصل ہوتے ہیں، چونکہ یہ ساورن ہاؤس ہے، ان کو استعمال میں لا کر آج ہمیں یہ متفقہ آئین ملا۔ اگر اسوقت بھی یہی سوال پیدا کر دیا جاتا کہ جناب والا! ایسا کہاں لکھا ہوا ہے، کس اختیار کے تابع، کس قاعدے کے تابع، کس قانون کے تابع، آپ پاس شدہ چیزوں کو reopen کر رہے ہیں جبکہ پورا آئین ہاؤس نے پاس کر دیا ہے اور اس ہاؤس کو اختیار تھا دو تہائی اکثریت بھی ان کے پاس تھی، ساری چیزیں وہ کر چکے تھے۔ نہیں۔ کبھی بھی قاعدہ اور قانون اس قسم کی قدغن ان اداروں پر عائد نہیں کرتا جو ادارے مکمل طور پر ساورن ہوتے ہیں جو قانون کو بنا سکتے ہیں وہ قانون کا بدل بھی دے سکتے ہیں، وہ قانون میں ترمیم بھی کر سکتے ہیں وہ قانون کو معطل بھی کر سکتے ہیں، وہ قانون کو ختم بھی کر سکتے ہیں۔ یہ ان اداروں کے اختیار میں ہے۔

اس سلسلے میں، میں یہ عرض کرونگا کہ قواعد کی رو سے رولز ۸۴ اور ۸۸ میں کوئی امتناع نہیں دیا گیا ہے کہ اس کے علاوہ اور کچھ نہیں ہو سکے گا۔ بالکل ایسا نہیں ہے بلکہ silent ہے۔ اور اگر رول ۱۷۳ کی پرووی‍ژن نہ ہوتی ..... یہ بھی آپ کو بتا دوں کہ چونکہ آئین بناتے وقت یہ دقت پیدا ہوئی اور اس دقت کے پیش نظر پاکستان کی پارلیمنٹ کے قواعد میں ایسی سپیشل کمیٹی کی پرووی‍ژن رکھی گئی جبکہ انڈیا کے قواعد میں نہیں ہے تاکہ کبھی بھی، کسی بھی وقت میں، اس قسم

کی صورتحال پیدا ہو جائے تو افہام و تفہیم ہو سکے یا قوم کو کسی انتشار سے بچانے کیلئے کوئی صورتحال پیدا کرنی پڑے تو اس کا فائدہ اٹھالیں۔ اگر یہ پروویژن بھی نہ ہوتی تو اس کے علاوہ بھی سپیکر یا چیئرمین کو بھی residuary powers حاصل ہیں، وہ بھی ریگولیٹ کر سکتے ہیں کہ جہاں law silent ہو۔ جہاں کوئی طریقہ کار متعین نہ ہو، تو اس صورت میں چیئرمین کو بھی اختیار رہے کہ وہ خود بھی اس قسم کی اجازت دے سکتے ہیں اور ریگولیٹ کر سکتے ہیں کہ اب ایک مشکل پیدا ہو گئی ہے، قواعد میں اسکی کوئی صراحت نہیں ہے، قواعد میں اس قسم کا کوئی specific پروویژن نہیں ہے rules silent ہیں، پھر چیئرمین کو اختیار دیا گیا ہے کہ جہاں rule siletn ہوں وہاں وہ اپنے اختیارات residuary poewrs کو استعمال کریں اور اس کیمطابق فیصلہ کریں۔ اور اس سلسلے میں چونکہ قواعد silent بھی نہیں ہیں رولز ۸۴ - ۸۸ میں کوئی امتناع بھی نہیں ہے مگر اس کے باوجود رول ۱۷۳ کی provision بھی already موجود ہے جس میں function کو limit نہیں کیا گیا کہ کس مقصد کیلئے سپیشل کمیٹی بنائی جائے گی۔ اگر اس کے کوئی specific functions دے دیئے جاتے تو تب بھی سوال پیدا ہو سکتا تھا کہ چونکہ یہ تو ایک خاص مقصد کیلئے ہے، یہ تو صرف اور صرف، مثال کے طور پر عرض کرتا ہوں، ریزولیوشن کے لیئے ہے، یہ motions کے لئے ہے، یہ adjournment motions کے لئے ہے، یہ privilege motions کیلئے ہے نہیں ایسا نہیں کیا گیا بلکہ اس کو بالکل کھلا رکھا گیا ہے کہ کسی بھی مقصد کیلئے، کسی بھی ضرورت کے تحت، کسی بھی حالت میں، آپ Special Committee constitute کر سکتے ہیں۔

جناب والا! یہ تو میں نے آپ کو نیشنل اسمبلی کی آئین کے بننے کے دوران کی مثال دی کہ انہوں نے پاس شدہ چیزوں کو reopen کیا اور ان کو پھر کمیٹیوں میں بھیجا اور پھر انہوں نے co-ordinate کر کے یہ ساری چیزیں کیں۔ انہوں نے ایک مثال دی تھی جس پر جناب والا! نے بھی اعتراض کیا تھا جو precedent جناب اٹارنی جنرل نے جناب کی خدمت میں پیش کی تھی کہ فیڈرل کونسل میں ایک نہیں، بیسیوں مرتبہ، اس قسم کی صورتحال پیدا ہوئی، اور آپ نے فرمایا تھا کہ اسکی حیثیت recommendatory تھی۔ یہاں سوال ادارے کی حیثیت

[Haji Muhammad Saifullah Khan]

کا نہیں ہے، یہاں سوال ہے قواعد کے اطلاق کا، اور اب فیڈرل کونسل کے precedents اس لئے quote کیئے جاسکتے ہیں کہ ہم اس کونسل کی ہیئت کو، اس کونسل کی تشکیل، اس کونسل کی حیثیت کو 8th amendment میں validate کر چکے ہیں اور اس کو ہم مکمل طور پر تحفظ دے چکے ہیں۔ فیڈرل کونسل آرڈر کو آپ اٹھا کر دیکھیں تو اس میں رولز آف پروسیجر جو اپلائی کئے گئے ہیں وہ نیشنل اسمبلی آف پاکستان کے رولز ہیں اور نیشنل اسمبلی آف پاکستان کے رولز میں جس قاعدے کا حوالہ جناب اٹارنی جنرل نے دیا ہے، ان میں بھی بلعینہ یہی ہے، "کا ما" کا بھی فرق نہیں ہے، زیر زبر کا بھی فرق نہیں ہے، جو سینیٹ میں سپیشل کمیٹی کی پروویژن ہے، وہی کی وہی نیشنل اسمبلی میں بھی پروویژن موجود ہے اور فیڈرل کونسل میں pre-emption Act کے سلسلے میں، دوسرے قوانین کے سلسلے میں، جب امنڈمنٹ کا سوال پیدا ہوا، کوارڈینیشن نہیں ہو رہی تھی، اس فیڈرل کونسل میں میرے فاضل محرکین بھی موجود تھے، اور وہ ان سپیشل کمیٹیوں میں بھی موجود تھے جو اسوقت بنا کرتی تھیں، ان ترامیم کو یک جا کرنے کیلئے، کنسالیڈیٹ کرنے کیلئے اور ان میں افہام و تفہیم پیدا کرنے کیلئے، اس مقصد کیلئے سپیشل کمیٹیاں بنائی گئیں، اور انہی سپیشل کمیٹیوں کے ذریعہ سے، اسی اسٹیج پر، ترمیمات کی اسٹیج پر، افہام و تفہیم ہوئی اور اسی اسٹیج پر سپیشل کمیٹیاں بنیں۔ اور اس کی پریسیڈینٹس ہمارے پاس موجود ہیں۔

جناب والا! اس کے علاوہ میں آپ کو عرض کروں کہ میں دور کی بات نہیں کرتا، اس موجودہ نیشنل اسمبلی کی پریسیڈینٹ دیتا ہوں۔ اب جب precedents دینی پڑتی ہیں تو بھی اس کی روح کو دیکھنا پڑتا ہے۔ یہ نہیں ہے کہ ایک کو یا فلاں کو الگ سے کوئی فائدہ پہنچانا ہے تو ہمیں پریسیڈینٹ دکھانی چاہیئے کہ کہیں پہلے بھی الگ سے کوئی فائدہ پہنچا ہے۔ نہیں، نہیں، پریسیڈینٹ کی روح کو دیکھنا پڑتا ہے۔ آپ مجھے نیشنل اسمبلی کے قواعد میں کہیں بھی دکھا دیں کہ کسی under Rule 65 جو آدھے گھنٹے کیلئے سوال یا معاملہ discuss ہوتا ہے اب قواعد میں تو یہ ہے کہ وہ Question صرف آدھے گھنٹے کیلئے ڈسکس ہوگا اس کے بعد کوئی کارروائی نہیں ہو سکے گی۔۔۔۔ کچھ نہیں ہو سکے گا۔۔۔۔ کوئی موشن نہیں آسکے گی، کوئی رائے شماری نہیں ہوگی۔ کچھ نہیں ہوگا مگر میں نیشنل اسمبلی آف پاکستان، موجودہ نیشنل اسمبلی کی پریسیڈینٹ آپ کو دیتا ہوں کہ فیکٹو سیمنٹ پلانٹ کے بارے میں ایک question جناب گوہر ایوب نے پیش

کیا اور پھر اسی question کو ڈسکس کرنے کیلئے انہوں نے انڈر رول ۶۵ ایک موشن دی اور وہ موشن نیشنل اسمبلی آف پاکستان کے ہاؤس میں آدھے گھنٹے کے لئے ڈسکس ہوئی، اور اسی رول ۱۷۳، جو کہ نیشنل اسمبلی اور سینیٹ کا ہے، کے مطابق ایک موشن آئی کہ ایک سپیشل کمیٹی بنا دی جائے جو کہ فیکٹو سیمنٹ پلانٹ کے معاملہ میں غور کر کے اس کی رپورٹ ہاؤس میں پیش کرے - اب آپ مجھے بتائیں کہ ۶۵ میں کہاں پرووژن ہے - چونکہ رول ۱۷۳، over-rides all the rules جہاں بھی اس قسم کی گنجائش نہ ہو، اور negation بھی نہ ہو، اور نفی بھی نہ کرتا ہو تو آپ موشن دے سکتے ہیں۔

یہاں ایک موشن پیش ہوئی کہ جناب سیٹھ عابد نے سونا سمگل کر لیا ہے - اب ایڈجرنمنٹ موشنز کے قواعد میں کہیں بھی بتا دیں کہ ایڈجرنمنٹ موشن پر کمیٹی بنی ہو - اس پر دو گھنٹے کی discussion تو ہو سکتی ہے لیکن یہ کہیں نہیں لکھا ہے کہ ایڈجرنمنٹ موشن کی ڈسکشن کے بعد ایک کمیٹی بنا دیں اور وہ کمیٹی ان معاملات کی چھان بین بھی کرے - یہ قواعد ۸۰ سے لے کر ۸۷ تک جو بھی رولز ایڈجرنمنٹ موشنز کے نیشنل اسمبلی میں ہیں، وہی رولز سینیٹ میں آپ کے ہیں - ان میں کہیں یہ وضاحت نہیں ہے کہ سپیشل کمیٹی نہیں بن سکتی ہے، مگر اس سے روکا بھی نہیں گیا ہے اور اس کی اجازت بھی نہیں دی گئی کہ آپ بنا لیں - اب اس کے لئے ضرورت محسوس ہوئی کہ معاملہ سنگین ہے، اب قواعد میں رکاوٹ بھی نہیں ہے اور قواعد میں پرسیجر بھی نہیں ہے کہ اس سلسلے میں کوئی کمیٹی بنائی جائے اس لئے پھر رول ۱۷۳ کا سہارا لیا گیا اور سیٹھ عابد کے کیس کے سلسلے میں کمیٹی بنا دی گئی کہ اس کے سلسلے میں probe کیا جائے کیونکہ ضرورت پڑ گئی ہے اگر صرف اس معاملے کو ڈسکس کر کے چھوڑ دیا جاتا ہے تو قومی مقاصد کی تکمیل نہیں ہوتی - پھر اس کا کوئی فائدہ نہیں، نشستند و گفتند و برخاستند سے کیا فائدہ ہے - معاملہ سنگین ہے، اس کو کیسے probe کریں، کس طرح ڈسکس کریں - اس لئے فیصلہ ہوا ہے کہ قاعدہ ۱۷۳ کے تابع ایک سپیشل کمیٹی بنا دی جائے۔

جناب والا! اسی طرح ایک ایڈجرنمنٹ موشن، ہوٹل پارک کے بارے میں پیش ہوئی کہ اس میں فراڈ ہوا ہے اور ہوٹل کو بے نامی طریقے سے خرید ا گیا ہے اور اس میں کافی سارا فراڈ

[Haji Muhammad Saifullah Khan]

ہے۔ وہ موشن ڈسکس ہوئی، اور ڈسکس ہونے کے بعد فیصلہ ہوا کہ معاملہ سنگین ہے، اسلئے اس معاملے میں چھان بین ہونی چاہیئے کہ مزید کیا probe جائے۔ اب قواعد میں کہیں نہیں لکھا ہوا کہ آپ ایڈجرنمنٹ موشن کی ڈسکشن کے بعد کمیٹی بنالیں۔ تو اس معاملہ میں بھی جناب والا! کمیٹی بنائی گئی، ایک سپیشل کمیٹی بنائی گئی۔

اسی طرح اور بہت سی اسی نیشنل اسمبلی کے precedents ہیں کہ جب بھی ہاؤس کسی معاملے میں کوئی وقت محسوس کرتا ہے یا قومی مفاد کے تابع یہ ضرورت محسوس کرتا ہے کہ قواعد میں امتناع بھی نہیں ہے اور اس کے ساتھ ساتھ وقت کی ضرورت بھی ہے تو اس ہاؤس کو کلیتاً یہ اختیار دیا گیا ہے کہ قاعدہ ۱۷۳ کے تحت جو فرائض اس کمیٹی کے سپرد کرے جس طرح کی اس کی specification کرے جس طرح کی اس کی composition کرے یہ sovereign ہاؤس ہے اور اس ساورن ہاؤس کے سامنے کوئی قدغن کوئی چیز آڑے نہیں آسکتی اور میں نے اس دن بھی عرض کیا تھا یہ سارے رولز آف پروسیجر یہ ہاؤس بناتا ہے یہ آئین نے نہیں بنا کر دیئے۔ یہ کسی آئین ساز اسمبلی نے نہیں بنائے جو ہاؤس قواعد کو بناتا ہے وہ اس کا اطلاق کرنے کا ہر طرح کا اختیار رکھتا ہے اور اس کے سامنے کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہیں ہوسکتی۔

جناب والا! میں نے عرض کیا کہ چونکہ انڈیا میں اس قسم کی کوئی پروویژن نہیں ہے کہ کوئی سپیشل کمیٹی بنائی جاسکے کیونکہ وہاں انکی ضرورت پیش نہیں آئی، ہمیں تو ضرورت لاحق ہوئی آئین کے سلسلے میں، اور اس کے بعد مستقل طور پر ہم نے اس کو بنا دیا۔ اب انڈیا میں بھی ...... یہ ہے کتاب مکرجی پارلیمنٹ پروسیجران انڈیا۔ اس کے صفحہ نمبر ۲۴۱، ۲۴۰ پہ clear cut جناب والا! واضح کر دیا گیا ہے۔........

مولانا سمیع الحق: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی مولانا صاحب۔

مولانا سمیع الحق: جناب والا! کیا یہ وضاحت کرسکیں گے کہ انڈیا والوں کو ضرورت کیوں نہیں ہے اسلئے کہ ان کو چھری کی ضرورت نہیں اور یہاں ہر ہاتھ میں چھری کا ہونا

ضروری ہے انڈیا میں اگر جمہوریت ہے تو وہاں ضرورت نہیں ہے یہاں چھری سے کام چلتا ہے۔ وہی قصائی والی بات پھر کروں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی حاجی صاحب۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: میں عرض کر رہا تھا جناب کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر آف انڈین پارلیمنٹ کے صفحہ نمبر ۲۸۳ پیرا نمبر ۲ میں چونکہ وقت بچانے کی کوشش کر رہا ہوں تاکہ پھر مولانا صاحب کو زیادہ اعتراض کا موقع نہ ملے۔ اور اسی طریقے سے مکرجی پارلیمنٹری پریکٹس ان انڈیا صفحہ نمبر ۲۴۰ تا ۲۴۲ میں کلیئر کٹ واضح کر دیا گیا ہے کہ ہاؤس مکمل طور پر مجاز ہے اور یہ recommittal ہر سٹیج پر ہو سکتی ہے اور اس حد تک بھی جناب والا! precendents ہیں کہ پاس ہونے کے بعد بھی reopen کئے گئے ہیں، بل کا بل پورا پاس ہو گیا ہے اور ابھی انکی موشن پاس ہونے کی نہیں آئی اور اس بل پر دوبارہ غور کرنا شروع کر دیا گیا ہے۔ There are many precedents like that اور اس میں ہمیں کوئی رکاوٹ کسی قسم کی نہیں ہے جو ہمارے آڑے آسکے۔ اور یہ نیک نیتی سے، دیانتداری سے اس موشن کو دیا جا رہا ہے تاکہ ہم افہام وتفہیم کے جذبہ کے تحت متفقہ لائحہ عمل اختیار کر کے ہاؤس میں وہ ترمیمات پیش کریں تاکہ ہم اس بل کو بلاتاخیر، بلاکسی دشواری کے، بغیر کسی قسم کے مزید وقت کے ضیاع کے فوری طور پر پاس کر دیں اور یہاں تک محدود نہیں رکھا گیا کہ ہم صرف اس حد تک جا رہے ہیں ہم نے اس پر کام بھی شروع کر دیا ہے، باہر کام بھی شروع ہو چکا ہے اور وزیراعظم صاحب کی دلی خواہش اور خصوصی ہدایت کے مطابق کہ اس مملکت پاکستان میں جو کہ صرف اور صرف اسلام کے لئے معرض وجود میں آئی تھی اسلامی قوانین کا نفاذ جلد سے جلد کیا جائے اور مؤثر انداز میں کیا جائے۔ اور انہی کی خواہش اور ہدایت کے پیش نظر اس پر کام بھی ہو رہا ہے اور ہم نے ایک کمیٹی بھی بنا دی کمیٹی کا نام تو نہیں دیا جا سکتا، بہرحال اس میں ہم نے نظریاتی کونسل کے اراکین کی بھی خدمات لی ہیں اس کے علاوہ فیڈرل

[Haji Muhammad Saifullah Khan]

شریعت کورٹ کے سابق جج صاحبان ہیں، پارلیمنٹ کے اراکین ہیں ان پر مشتمل ہم نے کام شروع کر دیا ہے اور ہمیں اللہ تبارک و تعالیٰ کی مہربانی سے توقع ہے کہ انشاء اللہ العزیز ہم نیک نیتی سے اور دیانتداری سے اس منزل تک لازمی طور پر پہنچ جائیں گے جس کیلئے یہ مملکت معرض وجود میں آئی ہے اور انشاء اللہ العزیز ہم مملکت پاکستان کو اسلام کا قلعہ اور اسے صحیح معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنانے کا پختہ ارادہ رکھتے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ اس ہاؤس کے تعاون سے اور قوم کی دعاؤں سے وہ منزل اب دور نہیں رہی اور انشاء اللہ بہت جلد ہم اس مقصد کو پالیں گے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جناب وسیم سجاد صاحب۔

جناب وسیم سجاد: جناب والا! حاجی صاحب نے بڑی تفصیل سے اس موضوع پر بحث کی ہے جو پچھلے سیشن سے اس پر جاری تھی۔ اور انہوں نے بڑی جامع بحث کی ہے۔ میرے خیال میں مزید کچھ کہنے کی کوئی گنجائش نہیں۔ میں جناب کی توجہ صرف رول نمبر ۱۷۳ اور نمبر ۱۷۴ کیطرف دلانا چاہتا ہوں چونکہ ایک نکتہ جو پچھلی دفعہ اٹھایا گیا تھا۔ وہ یہ تھا کہ یہ بلز کے متعلق سٹینڈنگ کمیٹی اور سلیکٹ کمیٹیز ہوتی ہیں۔ اور سپیشل کمیٹی بلز سے متعلقہ نہیں ہوتی اگر جناب رول ۱۷۳ کو پڑھیں گے جس کے تحت ایک سپیشل کمیٹی تشکیل دی جاتی ہے اس کے بعد رول نمبر ۱۷۴ آتا ہے۔ اسمیں لکھا ہوا ہے کہ

> "In the absence of special provisions relating to a Select Committee or a Special Committee, the provisions relating to Standing Committees shall apply *mutatis mutandis* to a Select Committee and a Special Committee."

اس کا مطلب یہ ہے کہ جہاں پہ کوئی مخصوص شق یا رول نہیں ہے سپیشل کمیٹی کے بارے میں یا سلیکٹ کمیٹی کے بارے میں، تو سٹینڈنگ کمیٹی کے رولز جو موجود ہیں وہی سپیشل کمیٹی اور سلیکٹ کمیٹی پہ apply کریں گے۔ اس کا مطلب یہ ہوا جناب والا کہ سٹینڈنگ

کمیٹی کے جو رولنز ہیں کہ جب ایک بل سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جاتا ہے وہاں پہ اس پر غور ہوتا ہے اور وہ بل جب واپس آتا ہے اور اس پر اسمبلی میں بحث کس طرح ہوتی ہے اس کی تفصیل جو ہے وہ ان رولز میں دی گئی ہے جو سٹینڈنگ کمیٹی سے متعلقہ ہیں وہی رولنز سپیشل کمیٹی کو بھی اپلائی کریں گے۔ اور جب کوئی معاملہ سپیشل کمیٹی میں جاتا ہے یا بل گیا ہے تو جب بل پر بحث ہو جائے گی بل پر کوئی فیصلہ ہو جائے گا اور بل جب واپس آئیگا تو انہی رولز کا اس پر اطلاق ہوگا۔ جو رولز سٹینڈنگ کمیٹی سے متعلقہ ہیں اس کا مطلب یہ ہوا کہ سٹینڈنگ کمیٹی چونکہ بل سے متعلقہ ہوتی ہے اس میں بلز ہی انڈر ڈسکشن آتے ہیں اسطرح سلیکٹ کمیٹی میں بھی بلز ہی انڈر ڈسکشن آتے ہیں انہی رولز کا اطلاق سپیشل کمیٹی پر کیا گیا ہے وہی رولز یہاں پر اپلائی ہونگے لیکن وہ رولز یہاں پر اپلائی نہیں ہوں گے جہاں پر کوئی سپیشل پروویژن رکھی گئی ہے لیکن اس کے علاوہ مثلاً جس طرح میں نے عرض کیا کہ ایک سٹینڈنگ کمیٹی میں جب کوئی بل چلا جاتا ہے ہاؤس کی جانب سے، وہاں پہ بحث ہوتی ہے واپس کسطرح آتا ہے، بحث کیسی ہوتی ہے اس کی تفصیل رولز میں دی گئی ہے یہی رولز وہاں بھی اپلائی کریں گے۔ اگر بل کا کوئی تعلق نہ ہوتا سپیشل کمیٹی کے ساتھ، تو پھر رول ۱۷۴ میں یہ لکھنے کی قطعاً ضرورت نہ تھی۔ میں صرف اس امر کی جانب جناب کی توجہ مبذول کرانا چاہتا تھا۔ باقی حاجی صاحب نے بڑی تفصیل سے ایک جامع بحث میں ساری چیزوں کا ذکر کر دیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف: جناب چیئرمین! میرے خیال میں بحث کو غلط رنگ دے دیا گیا ہے بحث یہ کی گئی ہے کہ اس وقت کسی کمیٹی کی تشکیل ہو سکتی ہے یا نہیں۔ اور قاعدہ ۱۷۴، ۱۷۳ کا حاصل یہی ہے کہ ایوان کوئی کمیٹی تشکیل دے سکتا ہے۔ لیکن اصل بحث یہاں پر یہ نہیں ہے۔ اصل بحث یہ ہے کہ اس کمیٹی کی تحریک کون کرے گا۔ اور اس کمیٹی کی تشکیل وہی

[Qazi Abdul Latif]

شخص کرے گا کہ جس نے مسودۂ قانون پیش کیا ہے وہی محرک ہو سکتا ہے وہی تحریک پیش کر سکتا ہے جو اس کے پیش کرنے والے ہیں۔ اگر یہ مسودۂ قانون سرکاری ہوتا تو وزیر قانون یا وزیر مذہبی امور وغیرہ وغیرہ کو یہ حق حاصل تھا کہ جس سٹیج پر بھی وہ کہتے، کسی کمیٹی کی تشکیل کرتے اور نجی اراکین کی طرف سے کوئی بل پیش ہوا ہے تو اس کے متعلق کسی کمیٹی کی تحریک کرنے کا حق انہی کو پہنچتا ہے اس سلسلے کے اندر آپ قاعدہ ۷۸ کو دیکھئے۔ رکن انچارج کے سوا کوئی رکن کسی مسودۂ قانون کو زیر غور لانے، یا اسے کسی منتخب کمیٹی کے سپرد کرنے کی کوئی تحریک پیش نہیں کرے گا۔ یہ جو اس میں دوسرا جملہ ہے کہ کسی کمیٹی کے سپرد کرنے کا، اس کے سوا کوئی بھی تحریک پیش نہیں کر سکتا چاہے وہ کوئی بھی کیوں نہ ہو، لہٰذا اس لحاظ سے یہ تحریک پیش کرنا، یہ یقینی طور پر اسی کا حق ہے کہ جس نے قانون کا مسودہ پیش کیا ہے۔ تو سوال یہ نہیں ہے کہ کمیٹی اس وقت تشکیل دی جا سکتی ہے یا نہیں۔ سوال یہ ہے کہ کمیٹی کی تحریک کرنے والا کون ہوگا۔ یہ حق ہمارا ہے کہ جو نجی بل کا مسودہ ہم نے پیش کیا ہے تو اس کے سلسلے میں تمام حقوق ہمیں حاصل ہیں۔ ہم نے کسی کمیٹی کی تحریک پیش نہیں کی۔ اور نہ ہم اس کے ساتھ اتفاق کرتے ہیں۔ بہر حال میری اتنی گزارش ہے کہ آپ اس قاعدہ کو دیکھیں۔ اٹارنی جنرل کے ارشادات اپنی جگہ پر انہوں نے صرف اتنا فرمایا ہے کہ کمیٹی تشکیل دی جا سکتی ہے۔

<u>جناب ڈپٹی چیئرمین</u>: شکریہ! جی جناب مولانا سمیع الحق صاحب۔

<u>مولانا سمیع الحق</u>: جناب چیئرمین صاحب! میں یہاں اتنی گزارش کروں گا کہ یہاں قاعدہ نمبر ۱۷۳ کا سہارا لیا گیا ہے اور حاجی سیف اللہ صاحب محترم نے جو تقریر فرمائی اس میں انہوں نے فرمایا کہ حسب معمول جو پروسیجر ہے اس میں اگر کوئی دقت واقع ہو جائے اور معاملہ آگے نہ بڑھ سکے اس وقت کوئی کمیٹی بنائی جا سکتی ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت اور ان مراحل کو طے کرنے کیلئے آپ کے سامنے جب یہ بل پیش ہوا تو یہ ایک سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کیا گیا۔ وہ اپنی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہو سکی یا نہیں۔ لیکن بعد میں یہ سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کیا گیا۔ اور اس نے بھی ایک متفقہ مسودہ آپ کے سامنے رکھ دیا۔ اس کے بعد موجودہ ضوابط میں جو

گنجائش تھی وہ یہی تھی کہ اس کو نظریاتی کونسل کے پاس بھیجا جائے - چنانچہ اسے نظریاتی کونسل کے پاس بھی بھیجا گیا - پھر یہ گنجائش بھی تھی کہ اسے استصواب رائے کے لئے مشتہر کیا جائے - چنانچہ اس بل پر آپ نے قوم کی استصواب رائے بھی حاصل کر لی اور انہوں نے پورے جوش وخروش سے اور پارلیمنٹ کی تاریخ میں بے مثال جذبے کا مظاہرہ کر کے لاکھوں کی تعداد میں اپنی رائے دے دی - انہوں نے باہر سے رائے لینے کی ضرورت محسوس کی - شاید آپ کو بھی یاد ہو گا کہ جناب وزیر اعظم صاحب نے پارلیمنٹ سے باہر مسلم لیگی ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی تھی جس میں قومی اسمبلی اور سینیٹ، دونوں کے مشترکہ ارکان لئے گئے تھے اور اس کمیٹی کو بھی کہا گیا تھا کہ آپ اپنی تجاویز اس پر دے دیں - پھر اس پر حسب ضابطہ پہلی خواندگی شروع ہوئی - تقریباً دو سال تک معزز ارکان بڑی محنت سے اور بڑی تیاریاں کر کے اس بل کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے رہے -

اب ان مراحل کے ہوتے ہوئے دوسری خواندگی کا موقع آیا - اب ہمیں کچھ معلوم نہیں ہے کہ اس میں کوئی رکاوٹ ہے یا نہیں ہے - اور کیا دقتیں ہیں اور کیا نہیں ہیں - یہ صورتحال تب پیش آئے گی جب ہم دفعات پر بحث شروع کریں گے - دفعہ وار کوئی تجویز سامنے آئے گی - اس وقت پتہ چلے گا کہ کوئی رکاوٹ ہمارے سامنے آئی ہے اور اس کو ہم ایوان میں حل نہیں کر سکتے، تو کمیٹی بنا دی جائے - قومی اسمبلی کی جو مثال دی گئی ہے یا مجلس شوریٰ کی جو مثالیں دی گئی ہیں وہاں تمام دفعات پر بحث ختم ہونے کے بعد ترامیم پر بحث شروع ہوئی اور وہاں آگے وقت آئی تو وہاں انہوں نے کمیٹی کا سہارا لیا - یہاں پر تو دفعات پر بحث شروع ہی نہیں ہوئی ہے - جنرل بحث تو ہو چکی ہے - اب کوئی نہیں کہہ سکتا کہ اس ایوان میں کوئی دقت پیش آئے گی یا نہیں - یہ بنیاد مفروضے پر مبنی ہے - پھر جو مثالیں حاجی صاحب نے دی ہیں - قومی اسمبلی اور مجلس شوریٰ کی - میں سمجھتا ہوں کہ نیک نیتی سے انہوں نے مجبور ہو کر معاملہ کو حل کرنے کیلئے ۱۹۷۳ کے دستور کی تشکیل کے وقت بھی اور شوریٰ میں بھی دل سے چاہا کہ ملک بحران

[Maulana Samiul Haq]

سے نکل جائے اور ہم معاملہ حل کرانے کے لئے کسی متفقہ فیصلے پر پہنچ جائیں۔ یہاں میں سمجھتا ہوں کہ قاعدہ ۱۷۳ کا سہارا ...... یہاں میں ایک لفظ کہوں تو پھر حاجی صاحب ناراض ہونگے کہ میری نیت پر شبہ کیا جا رہا ہے، میں کہتا ہوں یہاں اس دفعہ کا سہارا مسئلہ حل کرانے کیلئے نہیں لیا جا رہا ہے بلکہ اس کو سرد خانے میں ڈالنے کیلئے اور اس کو دفن کرنے کے لیئے لیا جا رہا ہے۔

اس کی واضح صورتحال یہ ہے کہ ایک طرف تو حاجی صاحب ہمیں مژدہ سناتے ہیں کہ باہر بات چیت بھی شروع ہو چکی ہے اور نظریاتی کونسل اور شریعت کورٹ اور سپریم کورٹ کے ارکان سے بھی مشورہ ہو رہا ہے۔ جب یہ سب کچھ ہو رہا ہے تو پھر اس مرحلے پر یہ تجویز کیسے سامنے لائی گئی۔ یہ تجویز ادھر اس کو مستقل کمیٹی کے حوالے کرنے کی تجویز اسی لئے سامنے لائی گئی ہے کہ باہر اگر اخلاص سے کوئی جدوجہد ہو بھی اور اگر وزیراعظم چاہیں بھی کہ یہ مسئلہ حل ہو جائے۔ تو بھی یہاں یہ حضرات اس تجویز کے ذریعے ان کوششوں کو بھی سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں۔ ورنہ اس وقت اگر باہر بات چل رہی ہے جبکہ اس کا آغاز مثبت اور ٹھوس طریقے سے ابھی نہیں ہوا تو اس وقت پھر اس کمیٹی کی ضرورت کیا ہے۔ جب باہر خدا کرے کسی نتیجے پر پہنچ بھی جائیں گے، پھر آپ کہیں گے وہ ساری چیزیں اس کمیٹی کے سامنے رکھ دیں تو میرے خیال میں اس کمیٹی سے صرف یہی ہو گا کہ اس بل کو اب ہمیشہ کے لئے ایک سرد خانے میں ڈال دیا جائے گا۔ پارلیمنٹ تو ایک جمہوری ادارہ ہے اور یہاں قانون بنانے کیلئے ارکان بڑی محنتیں کرتے ہیں۔ مخالفانہ اور موافقانہ نقطہ نظر سے اپنی صوابدید اور بصیرت کیمطابق ارکان اپنی آراء پیش کرتے ہیں۔ لاکھوں کروڑوں روپے اس پر خرچ ہوتے ہیں۔ انتخابات ہوتے ہیں پھر اسمبلیاں بنتی ہیں پھر یہ سارے مراحل کمیٹیوں کے سیلکٹ کمیٹیوں کے استصواب رائے کے جب گذر جائیں گے تو کسی بھی مرحلے پر کوئی اس قاعدہ ۱۷۳ کا سہارا لے کر اس ساری پارلیمانی جدوجہد پر پانی پھیر سکے گا۔ اب اگر یہ دو اڑھائی سال کی محنتیں حاجی صاحب اس قاعدہ کا سہارا لے کر ضائع کرنا چاہتے ہیں تو نہ یہ قوم کے

حق میں مفید ہے اور نہ جمہوریت کے حق میں نہ ملک کے حق میں نہ قانون سازادارے کے حق میں ۔جیسا کہ قاضی صاحب نے بھی فرمایا کہ یہ حق کسی غیر محرک کو ہے ہی نہیں ۔ اگر یہ تلوار کسی غیر محرک کے ہاتھ میں دے دیں تو پھر کوئی محترم ممبر قانون سازی کا اپنا فرض ادا نہیں کر سکے گا۔ اس لحاظ سے ان دلائل کی بنیاد پر آپ اس کمیٹی کی تجویز کو منظور نہ فرمائیں بلکہ اس کو مسترد فرمائیں ۔

جناب اقبال احمد خان : پوائنٹ آف آرڈر سر ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی جناب اقبال احمد خان صاحب ۔

جناب اقبال احمد خان : جناب والا ! مجھے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کا بے حد احترام ہے وہ بڑے پائے کے عالم دین ہیں میں نے اس لئے ان کی تقریر کے دوران انٹرپٹ کرنا مناسب نہیں سمجھا ۔ انہوں نے اپنی تقریر کے دوران دو تین باتوں کا حوالہ دیا ہے میں یہ تو نہیں کہوں گا کہ انہوں نے غلط بیانی کی ہے لیکن میں تصحیح ضرور کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ بل نظریاتی کونسل کو بھی بھیجا گیا ۔ میں تصحیح کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان نے کبھی بھی اس کو نظریاتی کونسل کو نہیں بھیجا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : شکریہ ! جناب چیئرمین ۔ جس طرح حاجی صاحب نے فرما دیا میں اس کو حاجی نہیں کہوں گا بلکہ حضرت مولانا حاجی سیف اللہ صاحب کہوں گا کیونکہ یہ شریعت کے معاملے میں ایک بہت بڑا عالم دین بن گیا ہے ۔ لیکن میں بتا دینا چاہتا ہوں کہ یہ ہمیں مکہ جی کے دلائل سناتے ہیں ۔ تو ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ نظام کیوں نہیں سناتے اور وہ قرآن حکیم کیا اس کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتا اور وہ قرآن حکیم ہمارے لئے مشعل راہ ہے کیا اچھا ہوتا وہ اس سے ہمیں دلیل سناتے اس ایوان میں تو ہمیں پتہ لگتا کہ واقعی یہ اس جمہوریہ اسلامیہ پاکستان کو اسلام کا قلعہ شمار کرتا ہے ۔ اس نے تو قلعہ کا نام لیا۔ قلعہ

[Mr. Abdur Rahim Mirdad Khel]

کارنر سٹون بنیاد ہی نہیں رکھا تو یہ کہاں سے قلعہ بنائیں گے۔ یہ حکومت کی ڈھیل ڈھال ہے ۔ اور اڑھائی سال سے مسلسل یہ پرائیویٹ شریعت بل کو ایک جنوری وقت کیلئے لاتے ہیں لیکن اب چونکہ اڑھائی سال گزر گئے اس کے بعد ایک کمیٹی قائم کر دی تو کیا اس پارلیمنٹ کے اراکین پر یہ عدم اعتماد کا اظہار ہے کہ باہر سے ان لوگوں کو لا کر اس کمیٹی میں شمار کرتے ہیں ۔ اگر حکومت کی نیت اچھی ہوتی اور یہ مخلص ہوتے تو یہ دوسرے یا تیسرے ہفتے میں یا دوسرے مہینے میں یہ کمیٹی قائم کرتے اور پھر یہ بات کرتے تو کیا ہی اچھا ہوتا۔ لیکن قرآن کی یہ دلیل ہے کہ تم ہی غالب رہو گے اگر تم سچے مسلمان ہو، تو ضرورت اس بات کی ہے کہ مکرجی کے دلائل نہیں حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دلائل اس ایوان میں لائیں اور خدا کی اور قرآن کی دلیل یہاں پیش کریں، تو ہم جانیں گے کہ واقعی یہ مخلصانہ خدمات انجام دیتے ہیں اور شریعت کے معاملے میں یہ مخلص ہیں، شریعت کے لئے یہ حکومت مخلص نہیں ہے اور یہ ٹال مٹول سے کام لے رہی ہے، میں اسطرح احتجاجاً اس ایوان سے واک آؤٹ کرتا ہوں ۔

(جناب عبدالرحیم میرداد خیل واک آؤٹ کر گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹ کے قواعد ۸۴ اور ۸۸ کے مراحل بہت پہلے گزر چکے ہیں اب یہ بل شق وار زیر غور ہے، سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ ہاؤس میں پیش ہو چکی ہے اس مرحلے پر قاعدہ ۸۴ اور ۸۸ کا اطلاق نہیں ہوتا چونکہ بل کنسیڈر بھی ہو چکا ہے اور اس پر ڈسکشن بھی ہو چکی ہے اور کلاز وار بحث کے لیئے ہاؤس میں ہے اگر آپ پورے قواعد کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ صرف قاعدہ ۳۲۱ ہی ایک ایسا قاعدہ ہے جس کے تحت یہ تحریک دی جا سکتی ہے۔ اب اس بل میں محرکوں اور دوسرے ممبران کی ایک کثیر تعداد نے تقریباً ہر ایک شق پر اپنی اپنی ترمیمات کے نوٹس دیئے ہیں اگر ہر ایک ترمیم پر انفرادی طور پر غور کرنے پر بحث و تمحیص ہو اور اس کے بعد فیصلہ کریں تو اس کے لیئے طویل عرصہ درکار ہوگا، اس طرح ایوان اپنے دوسرے اہم امور کی طرف توجہ نہیں دے سکے گا، محرک نے یہ تحریک اس وجہ سے دی ہے کہ سپیشل کمیٹی ان ترمیمات پر غور و خوض کر کے اتفاق رائے سے اپنی سفارشات مرتب کر کے ایوان

میں پیش کرے تو ایوان کا کام کافی آسان ہو سکتا ہے، پارلیمانی روایات میں ایسی تحریک کا جواز ملتا ہے اور یہ تحریک میری رائے میں قابل قبول ہے۔ قاعدہ ۱۷۳ میں ایسی کوئی قدغن نہیں ہے کہ بل کی ترمیمات کے سلسلے میں سپیشل کمیٹی نہیں بنائی جا سکتی بلکہ اگر قاعدہ ۱۷۳ کے الفاظ پر غور کیا جائے جیسا کہ دوسرے ہر کام کے لئے سپیشل کمیٹی بن سکتی ہے تو بل کے لئے کیوں نہیں بنائی جا سکتی، اگر قاعدہ ۸۸ کا اس مرحلے پر بل پر اطلاق ہوتا تو پھر یہ موقف اختیار کیا جا سکتا تھا کہ قاعدہ ۱۷۳ کا اطلاق نہیں ہو گا، قاعدہ ۸۸ کے علاوہ قواعد میں اور کوئی ایسا قاعدہ نہیں ہے جو ۱۷۳ کی تحریک کے راستے میں رکاوٹ بنے پارلیمانی روایات جن کا ذکر وزیر مذہبی امور نے کیا ہے اور اس کا حوالہ دیا ہے وہ اس امر کی تائید کرتی ہیں کہ اس ایوان کو سپیشل کمیٹی بنانے کا اختیار ہے، اٹارنی جنرل نے بھی اس نکتے کی وضاحت کی ہے میں ان کے دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے اس تحریک کو باضابطہ قرار دیتا ہوں۔

مولانا سمیع الحق: پوائنٹ آف آرڈر، میں گزارش کرتا ہوں۔ ........

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں موشن پٹ کر رہا ہوں۔

The motion moved is :

"That considering a very large number of amendments proposed to particularly all clauses of the Bill on the Enforcement of Sharia a Special Committee consisting of the following members, including sponsors of the Bill and those who have tabled amendments be constituted under Rule, 173 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973 to reconcile the differences in the proposed amendments and recommend to the extent possible agreed amendments to the Bill before the House takes up the consideration of the Bill clause by clause :

[Mr. Deputy Chairman]

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Haji Muhammad Saifullah Khan....... | *Chairman* |
| 2. | Qazi Abdul Latif ............................... | *Member* |
| 3. | Maulana Samiul Haq ......................... | " |
| 4. | Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir............. | " |
| 5. | Mr. Hasan A. Shaikh ......................... | " |
| 6. | Mr. Muhammad Ali Khan Hoti ........ | " |
| 7. | Sahabzada Sultan Abdul Majeed ....... | " |
| 8. | Mr. Ahmed Mian Soomro ................ | " |
| 9. | Haji Akram Sultan ............................ | " |
| 10. | Nawabzada Jehangir Shah Jogezai..... | " |
| 11. | Brig. (Retd.) Abdul Qayyum Khan.... | " |
| 12. | Mir Hussain Bux Bungalzai............... | " |
| 13. | Syed Muhammad Fazal Agha ........... | " |
| 14. | Qazi Hussain Ahmed .......................... | |
| 15. | Prof. Khurshid Ahmed ...................... | " |
| 16. | Mr. Wasim Sajjad.............................. | " |
| 17. | Dr. Mahbubul Haq ........................... | " |

The quorum of the committee will not be less than one half of the total membership of the committee. The Committee shall submit its report as soon as possible.

*(The motion was carried)*

مولانا سمیع الحق : میں آپکی اطلاع کے لیے اتنا عرض کرتا ہوں کہ میں اور قاضی عبداللطیف صاحب جو کہ دونوں محرکین ہیں شریعت بل کے ، وہ اس کمیٹی کے ساتھ قطعاً تعاون نہیں کریں گے اور ہم دونوں اس کمیٹی کی کسی میٹنگ میں نہیں بیٹھیں گے۔ اور اس تجویز پر جو آپ نے فیصلہ دیا ہم دونوں واک آؤٹ کرتے ہیں ۔

قاضی عبداللطیف : مولانا ذرا تشریف رکھیں ، جناب والا ! حکومت نے جو اس وقت کمیٹی تشکیل

دی ہے۔ اگرچہ جناب چیئرمین صاحب نے قانونی نقطہ نگاہ سے اسے جائز قرار دیا ہے لیکن حقیقت اپنی جگہ قائم اور دائم ہے اس کمیٹی کی تشکیل کا اخلاقی، جمہوری اور مذہبی طور پر کوئی جواز نہیں۔ اسمبلی کا ریکارڈ شاہد ہے کہ اس بل کو ایوان کے اندر اور باہر عوام اور خواص جدید اور قدیم تعلیم یافتہ حضرات کی بہت بڑی اکثریت کی حمایت حاصل ہے۔ اس بل کیساتھ جو سلوک کیا جا رہا ہے اس سے واضح ہو گیا ہے کہ یہ قانون ساز ادارے عوام کو ورغلانے کا ایک ڈھونگ ہے اور صرف وزیر قانون اسکی چلتی پھرتی مشین ہے جو انگریز کے مسلط کردہ متعفن بدبودار قانون کی لیپا پوتی کر کے دوبارہ قوم پر اسلام کے نام سے مسلط کرنا چاہتا ہے ایوان کا ہر مسلمان ممبر اس سازش کو خوب جانتا ہے۔ اور اسے نفرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور خدا کے قانون کی بجائے اپنے ظالمانہ غیر منصفانہ قانون کے شکنجے میں ہمیں جکڑنا چاہتا ہے وہ ببانگ دہل کہتا ہے کہ میں تو کسی فقہ کا قائل نہیں ہوں یہ صحیح ہے کہ قانون کے لحاظ سے کوئی کسی کو کسی مذہب کے ماننے پر مجبور نہیں کر سکتا لیکن ہم کسی کو یہ اجازت بھی نہیں دے سکتے کہ وہ اپنی لا مذہبیت کو ہم پر مسلّط کرے۔ جبکہ ایوان کے تمام معزز اراکین کسی نہ کسی مذہب، امام اور اس کے فقہ پر عقیدہ رکھتے ہیں تو وہ ایوان کے تمام ممبران کے مذہب کی کھلم کھلا توہین کر رہا ہے۔ اس رویہ سے حکومت عملی طور پر اپنے اعلانات اور قائداعظم اور لیاقت علی خان کے اعلانات اور اقدامات کی نفی کر رہی ہے اور مسلمانوں کے مذہبی جذبات سے کھیل رہی ہے جو اس ملک کے لئے بہت بڑا شگون ہے اور حکومت کے لیئے بڑا مہنگا سودا ثابت ہو گا اس کے پاس ایک کھوکھلا نعرہ ہے کہ ہم اسلام لا کر رہیں گے جبکہ گاڑی کو دوسری طرف کھینچا جا رہا ہے۔ حکومت دو سال کے عرصہ میں شریعت بل کو قرآن اور سنت کے خلاف ثابت کرنے میں بری طرح ناکام رہی ہے اس لیئے میں اس کمیٹی . . . . . . . .

میر حسین بخش بنگلزئی: پوائنٹ آف آرڈر جناب، کیا رول اور قواعد کیمطابق یہ درست

ہے کہ کوئی معزز رکن اپنی تقریر پڑھ کر سنا سکتے وہ بیان دے رہے ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ویسے بھی یہ جو کچھ کر رہے ہیں قواعد و ضوابط کے اس لئے خلاف ہے کہ ہاؤس نے اپنی رائے دے دی ہے اور موشن منظور ہو چکی ہے، اس موضوع پر اب بحث نہیں ہو سکتی ۔

قاضی عبداللطیف: اسلئے میں اس کمیٹی سے جس طرح وہ تشکیل دی گئی ہے بطور احتجاج مستعفی ہوتا ہوں اور عوام کو غلط توقعات اور اندھیرے میں رکھنا نہیں چاہتا، میرے نزدیک کوئی حکومت جو اسلامی قانون کے بارے میں قول و فعل کا اتنا تضاد رکھتی ہو یہ دعویٰ نہیں کر سکتی کہ وہ مہذب اور اسلامی ہے مجھے اب بھی یقین ہے کہ جناب وزیر اعظم صاحب اس گھناؤنے رویے پر اپنے وزراء کا محاسبہ کریں گے اور اس کمیٹی کو ختم کر کے عوامی جذبات کا احترام کرتے ہوئے اسلامی نظریاتی کونسل کی ترامیم کے مطابق شریعت بل کو منظور فرما کر نافذ کریں گے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چونکہ موشن ایڈاپٹ ہو چکی تھی اور ہاؤس نے فیصلہ دے دیا تھا اسلئے اس کا اس کارروائی سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

(مداخلت)

قاضی عبداللطیف: جناب والا! میں عرض کروں گا کہ کل کی جو میٹنگ انہوں نے رکھی ہوئی ہے ہم اس میں شریک نہیں ہوں گے ۔

مولانا سمیع الحق: کل کے مذاکرات میں ہم دونوں محرکین نہیں بیٹھیں گے اور وقت ضائع نہیں کرینگے اور ہم واک آؤٹ کرتے ہیں ۔

(پھر دونوں اصحاب واک آؤٹ کر گئے)

جناب وسیم سجاد: جناب والا! یہ کمیٹی محض اس لیے تشکیل دی گئی ہے تاکہ افہام و تفہیم سے ایک اہم قومی مسئلے پر سوچ ہو سکے اور اس کا حل نکالا جا سکے میں قاضی صاحب سے اور مولانا صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ اس کمیٹی میں شریک ہوں اس میں حصہ لیں تاکہ ہم مل جل کر ایسا کام کریں جس پر قوم بھی فخر کر سکے اور ہم بھی فخر کر سکیں اور میں دوبارہ

ان سے اپیل کرونگا کہ یہ استعفیٰ نہ دیں اور کمیٹی کے کام سے تعاون کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگلی آئٹم، ریزولیشن، آئٹم نمبر ۴ سید عباس شاہ صاحب نہیں ہیں۔ لہٰذا نمبر ۴ کو ڈیفر کیا جاتا ہے۔ نمبر ۵ یہ مولانا کوثر نیازی صاحب کی ہے۔

جناب جاوید جبار: یہ تو موو ہو چکی ہے۔

جناب وسیم سجاد: جناب والا! وزیر خزانہ جو ہیں وہ ملک سے باہر گئے ہوئے ہیں میں نے مولانا صاحب سے بھی درخواست کی ہے اور میں آپ سے بھی درخواست کروں گا چونکہ وہ یہاں پر نہیں اور اس پر جو بحث ہے اس کو مؤخر کیا جائے اگلی دفعہ جب وہ موجود ہونگے اس پر بحث کیجائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب میرا خیال ہے یہ .....

مولانا کوثر نیازی: جاوید صاحب کو سن لیں۔

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, I would like to invite the attention of the honourable Minister to the fact that the presence of the Finance Minister is not necessarily relevant to discussion of this resolution. It pertains to constitutional issue and to the status of the Senate. So, even if the honourable Finance Minister is not present in the House, I am sure that my honourable friend Mr. Wasim Sajjad will convey the sentiments of the Members of the House to his colleague so that the business of the House is not interrupted due to the absence of the Finance Minister.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Wasim Sajjad Sahib.

**Mr. Wasim Sajjad :** Mr. Chairman, technically speaking the honourable Member is correct in saying that the presence of the Finance Minister is not necessary. For that matter even my presence is not necessary. The question is, what is appropriate ? This is a matter which pertains directly to the Ministry of Finance because they have to prepare the budget and they have to look after the matters which pertains that Ministry. So, it is a request that till his return this may kindly be adjourned and as I said the mover of this resolution, the Senator, Maulana Kausar Niazi has kindly agreed that this discussion may take place at a later date.

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرے خیال میں معاملہ بڑا اہم ہے اس لیئے متعلقہ منسٹر کا ہونا بہت ضروری ہے اگر آپ اس کو ڈیفر کر لیں تو بہتر ہوگا۔

مولانا کوثر نیازی: میرے دوست جاوید جبار صاحب نے صحیح کہا کہ اس کا تعلق آئین سے ہے اور بڑے بڑے ماہرین آئین یہاں بیٹھے ہیں لیکن چونکہ مجھے وسیم سجاد صاحب کی بات کا بھی پاس ہے تو مجھے کوئی تامل نہیں ہے۔ اگر اس کو ملتوی کر دیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ!

**Mr. Javed Jabbar :** Actually the Minister for Justice wants to go to the National Assembly Sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین: لیجسلیٹو بزنس آئیٹم نمبر ۶ جناب نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی۔

نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب عالی! آج پارٹی میٹنگ میں یہ بل زیر بحث آیا تھا تو فیصلہ یہ ہوا کہ اس پر مزید غور کے لیئے ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی اور اس غور کے بعد پھر میں اس کو پیش کروں گا اس وقت تک اس کو التوا میں ڈال دیا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ withdraw کرتے ہیں۔

نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: نہیں، التوا میں ڈال دیں۔ ڈیفر کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ڈیفر کر دیں۔ آئیٹم نمبر ۷ بھی اس کے ساتھ ہے۔ نمبر ۸ قاضی حسین احمد صاحب وہ بھی موجود نہیں ہیں۔ یہ بھی ڈیفر کرتے ہیں ریزولیشن آئیٹم نمبر ۱۰، جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب۔ پروفیسر صاحب نہیں ہیں اس کو بھی ڈیفر کرتے ہیں پروفیسر صاحب کی ریکوئسٹ آئی ہے کہ ڈیفر کر دیں۔ جناب محسن صدیقی صاحب۔

**Mr. Javed Jabbar :** Not present Sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلو اس کو ڈراپ کرتے ہیں محسن صدیقی صاحب کی بھی ڈراپ کرنے کی ریکوئسٹ ہے۔ نمبر ۱۲ حاجی ملک فرید اللہ خان صاحب ان کو ڈراپ کرنے کی ریکوئسٹ ہے۔

نمبر ۱۳ پروفیسر خورشید احمد صاحب - اس کو بھی ڈیفر کرتے ہیں۔ نمبر ۱۴- حاجی ملک فرید اللہ صاحب کی ریکویسٹ آئی ہے ڈراپ کرنے کے لئے۔ موشنز انڈر ۱۸، ۱۷، ۱۵، ۱۶ بھی ڈیفر ہو رہی ہیں ۱۷ شاد محمد خانصاحب جناب شاد محمد خان صاحب۔

## DISCUSSION ON THE POLICY REGARDING SUPPLY OF ELECTRIC METERS TO CONSUMERS BY WAPDA

**Mr. Shad Muhammad Khan :-** Mr. Chairman, I beg leave to move that this House may discuss the policy of the Government regarding supply of electric meters to consumers by the Water and Powers Development Authority in the country.

جناب والا! مجھے اس تحریک کی ضرورت اس لئے پڑی کہ پانچ نکاتی پروگرام کے علاوہ پراونشل اے ڈی پی میں ہر جگہ جہاں بھی جاتا ہوں ھر علاقے میں دیکھنے میں آتا ہے۔.....

(مداخلت)

**Mr. Javed Jabbar:** Point of order Sir. Where are the Members of the Muslim League who were supposed to move these resolutions.

جناب ڈپٹی چیرمین: وہ بیٹھے ہوئے ہیں -

مولانا کوثر نیازی: میں عرض کرتا ہوں کہ جس طرح اس ایوان کو چلایا جا رہا ہے یہ حقیقتاً اس ایوان کی بھی توہین ہے اور عوام کی بھی۔ جو پہلے ہی دن کے اندر تحریک پیش کی جا رہی ہے کہ یہ غیر نمائندہ ایوان ہے اگر اس ایوان کے اندر ہماری دلچسپی کا یہ عالم ہے اور رولنگ پارٹی اپنے اراکین کے اوپر اتنا بھی اثر نہیں رکھتی کہ وہ انہیں حاضر رہنے پر مجبور کر سکے اور جس طرح آپ چلا رہے ہیں کہ پانچ بجے ایک اجلاس ہے اور چھ بجے ایک اجلاس ہے۔ وزراء صاحبان کو وہاں جانے کی جلدی ہے ادھر بیٹھنے میں انہیں تامل ہے تو جناب والا! کیا یہ طریقہ ہے کہ اگر آپ اجلاس چلاتے ہیں تو پھر صحیح طریقے سے ان اجلاسوں کو چلائیں بھی تاکہ لوگوں کو پتہ چلے کہ یہ ایوان واقعی ان کی نمائندگی کر رہا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نواب زادہ محمد علی صاحب لیڈر آف دی ہاؤس۔

جناب محمد علی خان: جناب چیئرمین صاحب، کورم موجود ہے، آپ ہیں، متعلقہ وزیر بیٹھے ہیں، کسی کو کوئی شکایت ہو تو وہ ہاؤس میں کہہ سکتا ہے تو اس کے لئے ہم جواب دینے کے لئے تیار ہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے اور اگر اس ہاؤس کا کوئی ایسا ممبر جس نے یہاں موشن یا ریزولیوشن دیا ہو اور وہ غیر حاضر ہے تو اس پر تو ہمیں کوئی قدغن نہیں لگانی چاہیئے۔ اس کو حق ہے کہ وہ نہ ہو یا کہیں باہر گیا ہو یا آپ سے چھٹی لے کر گیا ہو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے، جناب شاد محمد صاحب۔

جناب شاد محمد خان: جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ مجھے اس تحریک کو پیش کرنے کی ضرورت اس لئے پڑی کہ سارے پاکستان میں ایک انقلابی طریقے سے پانچ نکاتی پروگرام کے تحت اور اس کے علاوہ پراونشل اے ڈی پی کے تحت جا بجا بجلی کے کھمبے لگ رہے ہیں تاریں بچھائی جا رہی ہیں لیکن سال دو سال سے ان کو بجلی سپلائی نہیں کی جاتی اس میں نقص یہ واقع ہوا ہے کہ ڈیپارٹمنٹ میٹر کی سپلائی میں فیل ہو گیا ہے، حسب ضرورت لوگوں کو ٹرانسفارمر اور میٹر سپلائی نہیں کر پا رہا۔ اس تحریک پر زور اس لئے دوں گا کہ حکومت نے لاہور میں ایک پرچیزنگ سیل کھولا ہوا ہے فارن سے یہ امپورٹ کر رہا ہے اور کھلے بازار میں لوگوں پر یہ پابندی ہے کہ سستے داموں بازار سے میٹر وہ نہ خریدیں بلکہ حکومت نے ان کی مجبوری سے فائدہ اٹھا کر جو چیز مارکیٹ میں سو ڈیڑھ سو روپے میں ملتی ہے وہاں ان سے پانچ چھ سو روپیہ لیا جاتا ہے۔ لہٰذا میں نے اس سے قبل زبانی منسٹر صاحب سے عرض بھی کیا تھا اور انہوں نے ایک درخواست بھی مارک کی تھی لیکن اس کا خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلا۔ لہٰذا جناب والا! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ کم از کم سارے علاقے پر یہ پابندی لاگو نہ ہو میں تو کہتا ہوں کہ سارے پاکستان پر لاگو نہ ہو اور consumers کو کھلی اجازت دی جائے کہ بازار سے وہ میٹر پرچیز کر کے لیبارٹری سے ٹیسٹ کرائیں تاکہ لوگوں کو اس بجلی کے پروگرام سے فائدہ ہو لہذا میں دثوق سے یہ کہوں گا کہ منسٹر صاحب مجھے یہ یقین دہانی کرائیں گے تاکہ لوگوں کی تکلیف رفع ہو اور ڈیپارٹمنٹ اس معاملے میں جو corruption کر رہا ہے

اس کا قلع قمع ہو سکے۔ شکریہ!

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ! جناب قاضی صاحب۔

قاضی عبدالمجید عابد: مسٹر چیئرمین! شکریہ، جناب شاد محمد خان صاحب نے مجھے ایک لیٹر دیا تھا مجھے اعتراف ہے اس پر میں نے متعلقہ اتھارٹی سے تفصیلات منگوائیں اور اس پر بحث ان سے چل رہی ہے جہاں تک ریزولیوشن کا سوال ہے مجھے ویسے تو کوئی اعتراض نہیں ہے کہ ایوان اس پر بحث کرے لیکن ضرورت اسکی نہیں ہے کیونکہ یہ مسئلہ ویسے بھی ایوان سے باہر حل ہو سکتا ہے سوال یہ ہے کہ میٹروں کو پہلے آزاد چھوڑ دیا گیا تھا اور ۸۳ء سے پہلے دو سال تک ان کا تجربہ کیا گیا اور مارکیٹ سے جا کر consumers اپنے میٹر خریدیں لیکن جناب والا! اس میں یہ دقتیں پیش آئیں کہ ایک تو میٹر سب سٹینڈرڈ لائے جا رہے تھے، اسلئے واپڈا نے ایک سٹینڈرڈ مقرر کیا، اس سٹینڈرڈائزیشن کے لئے یہ میٹر واپڈا کے پاس لائے جاتے تھے، اس کے بعد ان میٹروں کو لگایا جا سکتا تھا اس سے کرپشن، جس کا شاد محمد خان صاحب نے ذکر کیا ہے، اور بڑھ گئی کیونکہ میٹروں کی سینڈرڈائزیشن کے لئے دقتیں پیدا ہو گئی تھیں۔ جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے کہ ملک میں میٹروں کی شارٹیج ہے اس کا مجھے اعتراف ہے، اور پہلے بھی تھی اب سر دست جو میرے پاس اعداد و شمار ہیں، اس کے حساب سے اس وقت ملک میں شارٹیج نہیں ہے۔ امپورٹڈ سٹینڈرڈ کی چیزیں بھی موجود ہیں اور یہاں جو میٹر تیار کئے جاتے ہیں ان کی پروڈکشن بھی بڑھ گئی ہے۔ اسلئے اس وقت یہ وقت نہیں ہے میں معزز ممبر کو یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ میٹروں کی وجہ سے انرجائزیشن کا جو کام رکا ہوا تھا، لائٹ دینے کا، یا کنکشن دینے کا، یہ اب میٹروں کی وجہ سے رکا ہوا نہیں ہے بلکہ کچھ اور دقتیں ہو سکتی ہیں لیکن اس وقت میٹروں کی مارکیٹ میں کمی نہیں ہے، بلکہ فراوانی ہے۔ بہر حال پھر بھی میں آنریبل ممبر کے جذبات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اور ان کے احساسات کی قدر کرتے ہوئے میں ان کو یہ یقین دہانی کراتا ہوں کہ اس کے بعد اگر انہوں نے اس چیز میں کوئی دقت

[Kazi Abdul Majid Abid]

محسوس کی نئے اقدامات کے تحت، تو پھر انشاءاللہ جیسے وہ کہیں گے ہم کریں گے اس پر بحث بھی کریں گے بلکہ متعلقہ حکام کو بلا کر شاد محمد خان صاحب کے سامنے کریں گے کہ وہ اپنی جوابدہی پیش کریں اور اپنی ذمہ داری کے متعلق بتائیں۔ شکریہ!

جناب شاد محمد خان: جناب والا! مجھے ان کے جواب سے تسلی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ! پروفیسر خورشید احمد صاحب تشریف نہیں رکھتے ہیں۔ یہ دونوں آئیٹمز ان کی ہیں لہٰذا اجلاس منگل وار شام پانچ بجے مورخہ ۶/ اکتوبر تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

---

*[The House adjourned to meet again at five of the clock in the evening, on Tuesday, 6th October, 1987.]*

---

PCPPI–122(88)Senate–8-8-1988–300.